بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرف اول

زیرِ نظر شمارے میں "معازف و مزامیر کا شرعی حکم" کے نام سے مولانا عبدالغفار حسن صاحب کے ایک تحقیقی مضمون کی دوسری قسط شامل ہے۔ اس مضمون کی قسط اول اکتوبر کے پرچے میں شامل تھی۔ آلاتِ موسیقی کے استعمال کی حرمت کے بارے میں اگرچہ احادیث بالکل واضح ہیں لیکن ہر دور میں کچھ تجدّد پسند طبائع ان کے جواز کی راہ نکالنے کی کوشش کرتی رہی ہیں۔ ان کی راہ کی اصل رکاوٹ وہ احادیث ہیں جن میں صراحتاً ان کی حرمت مذکور ہے۔ ظاہر بات ہے کہ اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کسی نہ کسی طرح یا تو ان احادیث کو غیر معتبر قرار دیا جائے یا پھر حدیث کے الفاظ کی کوئی ایسی تاویل کی جائے کہ جس سے آلاتِ موسیقی کے استعمال کے جواز کی کوئی صورت نکل سکتی ہو۔ مولانا عبدالغفار حسن صاحب نے جن کا شمار علمِ حدیث کے ماہرین میں ہوتا ہے اور جو ایک عرصہ مدینہ یونیورسٹی میں حدیث کی تدریس کا فریضہ سرانجام دیتے رہے ہیں' ان احادیث پر تفصیل سے بحث کی ہے جن میں معازف و مزامیر کے استعمال کی حرمت وارد ہوئی ہے اور واضح کیا ہے کہ ان احادیث کو نہ تو کسی بھی لحاظ سے پایۂ اعتبار سے ساقط قرار دینا درست ہے اور نہ ہی ان کی کوئی ایسی تاویل قابل قبول قرار دی جا سکتی ہے کہ جس سے جواز ثابت ہوتا ہو۔ یہ مضمون آج سے قریباً ۳۴ سال قبل مولانا نے 'میثاق' کے لئے تحریر فرمایا تھا۔ لیکن چونکہ وقفے وقفے سے اس ایشو کو کھڑا کیا جاتا رہا ہے لہٰذا اس مضمون کی تازگی آج بھی روزِ اول کی طرح برقرار ہے۔

اس شمارے کا ایک اور مضمون جس کی جانب توجہ دلانا ضروری ہے' جناب عبداللہ یوسف علی کے انگریزی ترجمۂ قرآن کے بارے میں ہے۔ انگریزی زبان میں قرآن حکیم کا یہ ترجمہ اور اس سے ملحق تفسیر آج بھی مستند ترین خیال کئے جاتے ہیں' چنانچہ حال ہی میں سعودی حکومت نے انگریزی دان طبقے تک قرآنی تعلیمات کو پہنچانے کے لئے عبداللہ یوسف علی کے ترجمہ و تفسیر ہی کا انتخاب کیا ہے اور اسے اپنے زیر اہتمام شایانِ شان طریقے پر شائع کیا ہے --- تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ کسی بھی کلام کو ایک زبان سے دوسری زبان میں کماحقہ' منتقل کرنا ممکن نہیں ہوتا' بالخصوص قرآن حکیم کا کوئی ایسا ترجمہ جو اصل متن کا ٹھیک ٹھیک متبادل قرار دیا جا سکے' قطعی ناممکن ہے۔ لہٰذا جو ترجمہ بھی کیا جائے گا اس میں نہ صرف یہ کہ بہتری کی گنجائش

(باقی صفحہ ۷ پر)

مطالعۂ قرآن حکیم

ڈاکٹر اسرار احمد

سُورَۃ ہُود

(آیات ۱–۵)

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ امابعد

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
الٓرٰ قف کِتٰبٌ اُحْکِمَتْ اٰیٰتُہٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَکِیْمٍ خَبِیْرٍ ○
اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰہَ ط اِنَّنِیْ لَکُمْ مِّنْہُ نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ ○ وَّاَنِ
اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْہِ یُمَتِّعْکُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓی اَجَلٍ
مُّسَمًّی وَّیُؤْتِ کُلَّ ذِیْ فَضْلٍ فَضْلَہٗ ط وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ
عَذَابَ یَوْمٍ کَبِیْرٍ ○ اِلَی اللّٰہِ مَرْجِعُکُمْ ج وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○
اَلَآ اِنَّھُمْ یَثْنُوْنَ صُدُوْرَھُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْہُ ط اَلَا حِیْنَ یَسْتَغْشُوْنَ
ثِیَابَھُمْ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ج اِنَّہٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○

”الف، لام، را۔ یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کی آیات پہلے محکم کی گئیں اور پھر اُن کی تفصیل کی گئی اُس ہستی کی جانب سے جو حکیم بھی ہے اور خبیر بھی، کہ تم اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو۔ میں تمہارے لیے اُس کی جانب سے خبردار کرنے والا بھی ہوں اور بشارت دینے والا بھی۔ اور یہ کہ تم اپنے رب سے مغفرت چاہو، پھر اُس کی طرف رجوع کرو۔ وہ ایک معینہ مدت تک تمہاری ضروریات بہترین طور پر پوری فرمائے گا اور ہر مستحقِ فضل کو اپنے فضل سے نوازے گا، اور اگر تم رُوگردانی کرو گے تو مجھے اندیشہ ہے تمہارے بارے میں ایک ہولناک دن کے عذاب کا! یقیناً اللہ ہی کی طرف تم سب کو لوٹنا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ دیکھو! یہ لوگ اپنے سینے دوہرے کیے لیتے ہیں تاکہ کسی طرح اُس سے چھپ سکیں۔ آگاہ رہو کہ یہ جب اپنے

کپڑے اپنے اوپر لپیٹ رہے ہوتے ہیں (اُس وقت بھی اُس کی نظر میں ہوتے ہیں۔) اس کے علم میں ہے جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں اور جو کچھ چھپاتے ہیں، اور وہ تو سینوں کے بھیدوں سے بھی خوب واقف ہے!

اِن آیات کا آغاز حروفِ مقطعات 'الف لام را' سے ہوتا ہے جو اس گروپ کی پانچ سورتوں کے آغاز میں آتے ہیں اور جن کے حقیقی اور واقعی مفہوم کو قطعی اور حتمی طور پر اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

اِس کے فوراً بعد قرآنِ حکیم کی عظمت کا بیان ہے اور یہ دراصل شرح ہے ان مختصر الفاظ کی جن سے اس سے پہلی سورت یعنی سورۃ یونس کا آغاز ہوتا ہے۔ وہاں فرمایا: "یہ ایک حکمت والی کتاب کی آیات ہیں!"۔ اور یہاں مزید وضاحت کردی گئی کہ قرآن کا ایک خاص اسلوب یہ ہے کہ اس کی آیات پہلے پختہ اور محکم کی گئیں، یعنی چھوٹی چھوٹی آیتوں اور چھوٹی چھوٹی سورتوں میں حقائق و معارف اور معانی و مفاہیم کے دریا گویا کوزوں میں بند کر دیئے گئے اور پھر بڑی بڑی آیتوں اور طویل سورتوں میں ان ہی حقائق و معارف اور معانی و مفاہیم کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا۔ جیسے توحید کے بیان میں سورۃ الاخلاص کہ اپنے غایت درجہ اختصار کے باوصف بڑی بڑی سورتوں پر بھاری ہے۔ چنانچہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے "ثلثِ قرآن" یعنی ایک تہائی قرآن کے ہم وزن قرار دیا ہے۔ اسی طرح 'راہِ نجات' اور اس کے مراحل و لوازم کے بیان کے ضمن میں سورۃ العصر جس کے بارے میں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مشہور قول ہے کہ "لو تدبر الناس ھٰذہِ السُّورۃ لو سعتھم" یعنی اگر لوگ صرف اس ایک ہی سورت پر تدبّر کا حق ادا کر دیں تو یہ اُن کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے کافی ہو جائے گی۔ بعدازاں یہی مضامین ہیں جو طویل سورتوں میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ بیان ہوئے۔!

عظمتِ قرآن کے فوراً بعد مقصدِ قرآن کا بیان ہوا یعنی ایمان باللہ اور التزامِ توحید کی دعوت اور خاص طور پر عبادت اور بندگی کو خالصۃً اللہ ہی کے لیے مخصوص کر لینے کا اہتمام و التزام! واضح رہے کہ از روئے قرآن مجید انسان کی غایتِ تخلیق ہی یہ ہے کہ وہ اللہ کی بندگی اور عبادت کرے۔ بفحوائے الفاظِ قرآنی: "وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ" (یعنی میں نے جنّوں اور انسانوں کو پیدا ہی اس لیے کیا ہے کہ وہ میری بندگی کریں) بقول شیخ سعدیؒ ؎

زندگی آمد برائے بندگی زندگی بے بندگی شرمندگی

چنانچہ یہی تمام انبیاء و رُسل کی دعوت کا مرکزی اور اساسی نکتہ رہا ہے کہ "اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ" یعنی "اللہ کی بندگی اور پرستش کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے" اور یہی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کا وہ بنیادی نکتہ ہے جو قرآنِ حکیم کے بالکل آغاز میں چند تمہیدی مضامین کے فوراً بعد ان الفاظ میں بیان ہوا کہ: يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ - یعنی "اے لوگو! اے انسانو! اے بنی آدم! بندگی اور پرستش کرو اپنے اس پروردگار کی جس نے تمہیں بھی پیدا فرمایا اور ان کو بھی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں!"۔ اب یہاں یہی بات سلبی اسلوب میں یعنی "لَا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰهَ" (بندگی مت کرو اللہ کے سوا کسی اور کی!) کے الفاظ میں قرآن کے مقصدِ نزول کے طور پر بیان ہو رہی ہے!

جمہور ائمہ لغت کے نزدیک "عبادت" کے معنی کسی کے سامنے عاجزی اور تذلل اختیار کرنے کے ہیں، یعنی کسی کے سامنے جھک جانا، پست ہو جانا، بلکہ واضح تر الفاظ میں اپنے آپ کو بچھا دینا۔ امام ابنِ تیمیہ اور حافظ ابنِ قیم رحمہما اللہ نے اللہ کی عبادت کے ضمن میں اس عاجزی اور تذلل کے ساتھ ساتھ عشق و محبت کو بھی لازمی قرار دیا ہے، بقول حافظ ابنِ قیمؒ: العبادة تجمع اصلين: غاية الحبّ مع غايةِ الذّل والخضوع! ـــــ یعنی عبادتِ الٰہی دو جڑوں یا بنیادوں پر قائم ہوتی ہے: ایک اللہ کی حد درجہ محبت اور دوسرے اس کے سامنے انتہائی درجے کا تذلل و انکسار! عبادت کے لوازم میں یقیناً اطاعتِ کاملہ بھی شامل ہے بلکہ اس کا جسدِ ظاہری اسی اطاعتِ کُلّی سے عبارت ہے ـــــ لیکن اس کی رُوحِ باطنی محبتِ خداوندی کا جذبہ ہے، بقول علامہ اقبال مرحوم: ؎

شوق اگر ترا نہ ہو میری نماز کا امام — میرا سجود بھی حجاب، میرا قیام بھی حجاب
عقل و دل و نگاہ کا مرشدِ اوّلیں ہے عشق — عشق نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات

عبادتِ رب کے ساتھ ایمان بالرّسالت کا ذکر بھی ہو گیا: "میں اللہ کی طرف سے تمہارے لیے نذیر اور بشیر بن کر آیا ہوں" یہ دو الفاظ مقصدِ بعثتِ انبیاء کے بیان کے ضمن میں قرآنِ مجید میں تکرار و اعادہ وارد ہوئے ہیں۔ جیسے کہ سورۂ بنی اسرائیل میں فرمایا: وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۘ ـــــ "اور اس قرآنِ کریم کو ہم نے حق کے ساتھ نازل فرمایا ہے، اور حق ہی کے

ساتھ یہ نازل ہوا ہے۔ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر بشیر و نذیر بنا کر!"

آگے اس تبشیر و انذار کی تفصیل بیان ہوئی ہے ـــــــ یعنی یہ کہ اگر تم اللہ کی جناب میں استغفار کرو اور اُس کی طرف رجوع کرو جیسا کہ رجوع کرنے کا حق ہے تو وہ تمہیں دنیا اور آخرت دونوں کی بھلائیوں سے سرفراز فرمائے گا۔ چنانچہ اس دنیا میں بھی جب تک ہو گے متاعِ حسنہ سے نوازے جاتے رہو گے ــــ اور آخرت میں بھی اللہ کے فضلِ خاص سے حصّہ پاؤ گے' اور اگر اس کے برعکس اعراض و انکار اور تمرّد و استکبار کی روش اختیار کرو گے جو عبادت اور عجز و تذلّل کے برعکس کیفیت ہے تو اس دنیا میں بھی اندیشہ ہے کہ تم پر کسی ہولناک دن میں اللہ کا عذابِ استیصال اچانک مُسلّط ہو جائے اور تم نیست و نابود کر دیئے جاؤ، جیسے اس سے پہلے بہت سی اقوام و اُممِ عالم ہو چکی ہیں۔ اور اس کے بعد جب اس دُنیا سے لوٹ کر تم اپنے ربّ کے حضور میں حاضر ہو تو وہاں بھی وہ تمہیں دردناک عذاب میں جھونک دے!

آخر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفین و معاندین میں سے بعض لوگوں کی ایک عجیب کیفیت کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ اس کے بارے میں عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس میں متکبّرین اور متمرّدین کے تمرّد و استکبار کا نقشہ کھینچا گیا ہے' یعنی جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو دعوت دیتے اور قرآن پڑھ کر سناتے ہیں تو یہ لوگ اپنے سینوں کو موڑتے اور اپنے کپڑوں کو ٹھیک کر کے اپنے گرد لپیٹتے ہوئے چل دیتے ہیں' اس لیے کہ آنحضورؐ انہیں عذابِ الٰہی کی جو دھمکی سنا رہے ہیں وہ اُس سے بچنا چاہتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس آیت کی یہ تاویل بھی درست ہے لیکن غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس میں ایک نقشہ اُن لوگوں کا بھی کھینچ دیا گیا ہے جو اپنے دل میں تو اس دعوت کے قائل ہو چکے ہیں اور اس کے علانیہ اَنکار کی جرأت نہیں کر سکتے' لیکن چونکہ انھیں لذّاتِ دُنیوی نے اپنا اس قدر گرویدہ بنا لیا ہے اور وہ اپنی دولت و ثروت اور جاہ و حشمت کے اس درجہ قیدی بن چکے ہیں کہ اس دعوتِ حق کو قبول کرنے پر آمادہ نہیں جس کے نتیجے میں انہیں فی الوقت آرام و آسائش کو تج کر تکلیف و مشقت مول لینی پڑتی ہے' لہٰذا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی کنّی کترا جانے ہی میں عافیت دیکھتے ہیں اور اپنی حماقت میں یہ بھی گمان کر رہے ہیں کہ اس طرح وہ اللہ سے بھی اپنے آپ کو چھپا لیں گے! حالانکہ یہ بے وقوف ان منافقوں کی طرح جو اپنے زعم میں تو اللہ اور اہلِ ایمان کو دھوکا دیتے ہیں (یُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا) لیکن اصلاً صرف خود اپنے آپ ہی کو دھوکا دیتے ہیں (وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ) خود

ہی دھوکے میں آ گئے ہیں۔ حالانکہ اللہ تو خوب باخبر ہے اس سے بھی جو وہ ظاہر کرتے ہیں اور اس سے بھی جو وہ چھپاتے ہیں، اور وہ تو لوگوں کے سینوں میں چھپی ہوئی نیتوں اور دلوں میں مخفی عزائم اور ارادوں سے بھی اچھی طرح واقف ہے! — یہ دراصل ایک نفسیاتی مرض ہوتا ہے اور اس میں بسا اوقات بڑے بڑے ذہین و فطین لوگ بھی مبتلا ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ اس قسم کی ایک مثال علمائے یہود کے بارے میں ملتی ہے کہ وہ آپس میں کہا کرتے تھے کہ تورات کی تعلیمات مسلمانوں کے سامنے نہ بیان کیا کرو، مبادا وہ تم پر اُن ہی کے حوالے سے خدا کے یہاں حجت قائم کر دیں: اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۔ یعنی "کیا تم ان (مسلمانوں) کو وہ باتیں بتا رہے ہو جو اللہ نے تم پر کھولیں تاکہ وہ ان کے ذریعے تمہارے رب کے یہاں تمہارے ہی خلاف حجت قائم کریں؟ کیا عقل سے بالکل عاری ہو گئے ہو؟" — اس پر قرآن حکیم نے بالکل وہی تبصرہ فرمایا جو یہاں فرمایا گیا ہے یعنی: اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ۔ "کیا ان بے وقوفوں کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ خوب جانتا ہے اس کو بھی جو وہ چھپاتے ہیں اور اسے بھی جس کا یہ اعلانِ عام کر رہے ہیں؟" — واقعہ یہ ہے کہ جب انسان کی نیت میں خلل واقع ہو جاتا ہے اور وہ سب کچھ جان کر بھی کچھ جاننا نہیں چاہتا تو اس کی عقل پر ایسے ہی پردے پڑ جاتے ہیں کہ وہ شتر مرغ کے مانند ریت میں سر دے کر یہ سمجھتا ہے کہ بادِ سموم ٹل گئی، یا کبوتر کے مانند آنکھیں بند کر کے یہ اطمینان حاصل کرنا چاہتا ہے کہ بلی موجود نہیں ہے۔ اَعَاذَنَا اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ۔ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

بقیہ: حرف اول

یقیناً برقرار رہے گی بلکہ اس میں اغلاط کا ہونا بھی خارج از امکان قرار نہیں دیا جا سکتا۔ سید امین الحسن رضوی صاحب نے اپنے مضمون میں بعض ایسے مقامات کی نشاندہی کی ہے کہ جہاں ترجمہ کرتے ہوئے مناسب الفاظ کا انتخاب نہیں کیا گیا اور ترجمے کے طور پر انگریزی زبان کا جو لفظ لایا گیا ہے وہ عربی متن سے مناسبت نہیں رکھتا اور اس طرح وہ مفہوم ادا نہیں ہو پاتا کہ جو الفاظِ قرآنی سے متبادر ہوتا ہے۔ یہ بات تو طے ہے کہ جناب عبداللہ یوسف علی کے ترجمہ کردہ الفاظ ہرگز 'حرفِ آخر' کا درجہ نہیں رکھتے' چنانچہ ان مقامات کی نظرثانی کے بعد اگر مناسب اصلاح کر دی جائے تو اس سے اس انگریزی ترجمے کی افادیت میں یقیناً خاطرخواہ اضافہ ہو سکتا ہے۔

توضیح وتنقیح

معازف ومزامیر کا شرعی حکم (۲)

مولانا عبدالغفار حسن

حرمتِ مزامیر پر دوسری روایات

صحیح بخاری کی مذکورہ بالا قابل اعتماد روایت کے علاوہ ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، مسند احمد، طبرانی وغیرہ میں بے شمار ایسی احادیث ہیں جن سے معازف و مزامیر کی حرمت واضح طور پر ثابت ہوتی ہے۔ اس سے انکار نہیں کہ ان روایات کی اکثریت پر محدثین نے جرح کی ہے، لیکن مجموعی طور پر یہ سب احادیث ایک دوسرے کی تقویت اور تائید کا ذریعہ بنتی ہیں[۱] اور اس بنا پر یہ روایات قابل اعتماد اور لائق استناد باور کی گئی ہیں، قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں:

"مجموعی طور پر یہ روایات استدلال کی بنیاد بن سکتی ہیں، خصوصاً جب کہ ان میں سے بعض روایات کو 'حسن' تسلیم کیا گیا ہے۔ اس لئے یہ تمام روایات مجموعی طور پر کم ازکم حسن لغیرہٖ تو شمار ہوں گی یعنی فی نفسہٖ صحت کے لحاظ سے معیار بلند نہ سہی مجموعی طور پر لائق استناد بن جاتی ہیں"۔

اس کے بعد قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ گانے والی لونڈیوں کی بیع کی ممانعت پر مشتمل روایات متعدد سندوں سے ثابت ہیں۔ اسی طرح "الغناء ینبت النفاق" (گانا نفاق پیدا کرتا ہے) یہ روایت بھی متعدد سندوں اور طریقوں سے مروی ہے۔ (نیل الاوطار ج ۷ ص ۱۱۳)

۱۔ واضح رہے کہ ایسی ضعیف روایات جن کا تمام تر مدار ایسے ناقابل اعتماد راویوں پر ہو جو محض حافظہ کے لحاظ سے ہی کمزور نہ ہوں بلکہ ان کو کاذب یا متہم بالکذب بھی قرار دیا گیا ہو، اگر وہ بیسیوں کی تعداد میں بھی ہوں تب بھی لائق استناد نہ ہوں گی، لیکن اگر راویوں پر صرف ضعف حافظہ کا الزام ہو تو اس صورت میں ایسی روایات کا مجموعہ حسن قرار دیا جائے گا اور شرعی مسائل میں ان کو حجت مانا جائے گا۔ مقدمہ ابن الصلاح ص ۱۷، مقدمۂ مشکوٰۃ ص ۵

سنن ابوداؤد کی روایت

صحاح ستہ کی مشہور کتاب سنن ابوداؤد کی روایت ہے:

عن نافع سمع ابن عمر مزمارا قال فوضع اصبعیہ علی اذنیہ.. ....وقال کنتُ مع رسول اللہ ﷺ فسمع مثل ھذا فصنع مثل ھذا (ابوداؤد' کتاب الادب)

"نافع سے روایت ہے عبداللہ بن عمرؓ نے بانسری کی آواز سنی تو آپ نے کان' انگلیوں سے بند کر لئے......اور فرمایا: میں (ایک بار) آنحضور ﷺ کے ہمراہ تھا' آپؐ نے اسی طرح آواز سنی اور یہی طرز عمل اختیار کیا۔"

اس روایت کو امام ابوداؤد نے منکر قرار دیا ہے' لیکن منکر ہونے کی وجہ کوئی بیان نہیں کی۔ سنن ابوداؤد کی مشہور مستند شرح عون المعبود میں لکھا ہے:

"اس روایت کے منکر قرار دیئے جانے کی وجہ معلوم نہ ہو سکی' اس کے تمام راوی ثقہ ہیں' اس حدیث کا کوئی راوی بھی اپنے سے کسی ثقہ تر راوی کا مخالف نہیں ہے۔"

امام سیوطیؒ نے ابن عبدالہادی کا قول نقل کیا ہے کہ اس روایت کو سلیمان بن موسیٰ کی وجہ سے محمد بن طاہر نے ضعیف قرار دیا ہے' حالانکہ سلیمان بن موسیٰ کو متعدد اہل علم نے ثقہ اور حسن الحدیث راویوں میں شمار کیا ہے' پھر اس کی متابعت و تائید میں مسند ابو یعلیٰ اور طبرانی کی روایات موجود ہیں۔ (عون المعبود ج ۴' ص ۴۳۵)

ایک ضروری وضاحت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور عبداللہ بن عمرؓ کے بانسری کی آواز سن کر کان بند کر لینے سے مقصود صرف شدید نفرت اور ناپسندیدگی کا اظہار تھا۔ اس قسم کے مواقع پر کانوں میں انگلیاں ٹھونس لینا کچھ ضروری نہیں ہے۔ اصل میں کان لگا کر سننا منع ہے۔ اگر اتفاقاً گانے بجانے کی آواز کان میں پڑجائے تو اس سے گناہ لازم نہیں آتا۔ جس طرح کہ نامحرم عورت پر اچانک بلا ارادہ نگاہ پڑجائے تو خدا کے ہاں کوئی مواخذہ نہ ہوگا' لیکن بالقصد اور بالارادہ تاک جھانک کرنا قطعاً حرام ہے' اس پر شدید وعید آئی ہے اور اسے آنکھ کا زنا قرار دیا گیا ہے۔

چند کمزور سہارے

مذکورہ بالا صفحات میں سنتِ رسول ﷺ کی واضح تصریحات سے یہ دکھلانا مقصود تھا کہ اسلام میں معازف و مزامیر کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

اب ان دلائل و شواہد کا تجزیہ کیا جاتا ہے جو حامیانِ موسیقی کی طرف سے معازف و مزامیر کے جواز بلکہ مستحب اور مستحسن ہونے پر پیش کئے جاتے ہیں۔

قرآن سے استدلال: قرآن میں ہے: وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا۔ اس آیت کی تشریح اور تائید میں بائبل میں سے زبور کی یہ عبارت پیش کی گئی ہے:

> "نرسنگے کی آواز کے ساتھ اس کی حمد کرو۔ بربط اور ستار پر اس کی حمد کرو' تار دار سازوں اور بانسری کے ساتھ اس کی حمد کرو' زور سے جھنجھناتی جھانجھ کے ساتھ اس کی حمد کرو"۔ (زبور باب ۱۵ آیت ۳ تا ۵)

اس سے انکار نہیں کہ موجودہ بائبل میں بہت سی حکمت و دانائی کی باتیں پائی جاتی ہیں لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ صحیح روایات و آثار سے جن چیزوں کی کراہیت و حرمت ثابت ہو چکی ہے ان کو بائبل کی روایات کی بنا پر جائز بلکہ سنتِ داؤدی قرار دے دیا جائے۔ اگر یہ دروازہ ایک مرتبہ کھول دیا گیا تو رہزنی' شراب نوشی' قمار بازی' زناکاری اور بت پرستی سب کے جواز کا فتویٰ بھی دینا ہو گا کیونکہ موجودہ بائبل میں تو نعوذ باللہ نوح علیہ السلام' لوط علیہ السلام' ہارون علیہ السلام' داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف ان اخلاقی جرائم اور سیاہ کاریوں کو بھی منسوب کیا گیا ہے' حوالہ کے لئے ملاحظہ ہو بائبل کتاب پیدائش باب ۶' باب ۱۹' کتاب خروج باب ۳۴' صموئیل کتاب ۲ باب ۱۱' کتاب سلاطین باب ۱۱' یوحنا باب ۱۰

حدیث کا سہارا: صحیح مسلم کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابو موسیٰ اشعریؓ کو خوش الحانی کے ساتھ قرآن پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا:

> یَا اَبَا مُوسٰی اِنَّکَ قَدْ اُعْطِیْتَ مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِیْرِ آلِ دَاوٗد
>
> "اے ابو موسیٰ! تمہیں آل داؤد کے مزامیر میں سے مزمار عطا ہوا ہے"۔

اس حدیث کی تشریح میں ایک صاحب کہتے ہیں: "اس سے مراد تلاوت کا ایسا انداز ہے جس میں موسیقیت کی جھلک ہو' کچھ سُر ہو' کچھ لے ہو' اس کے لئے ایک جامع لفظ "تغنّی" ہے"۔ لیکن اگر یہ تشریح صحیح ہے تو کہنے والا یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ لیجئے مزمار کا ثبوت بھی سنتِ داؤدیؑ اور سنتِ محمدیؐ دونوں سے مل گیا۔"

حقیقت میں نہ یہاں "تغنّی" سے نہ موسیقیت اور نہ راگ الاپنے کی حمایت' اس سے تو صرف حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی مؤثر اور پر کشش خوش الحانی کا اظہار و اعتراف مقصود ہے۔ جیسا کہ ایک روایت میں آتا ہے: "انّ من البیان لسحرًا" (بلاشبہ کچھ بیان و خطاب جادو کا سا اثر رکھتے ہیں) کیا اس تشبیہ کی بنا پر اس سے سحر و ساحری کا جواز نکالا جاسکتا ہے؟

<u>روایات کا سہارا:</u> معازف و مزامیر اور گانے بجانے کی حمایت میں بخاری کی بھی دو روایتیں پیش کی جاتی ہیں۔ ایک یہ کہ:

> "حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور میرے ہاں تشریف لائے۔ اس وقت دو لڑکیاں جنگِ بعاث کے گانے گا رہی تھیں' حضور ﷺ بستر پر لیٹ گئے اور دوسری طرف کروٹ لے لی اور چہرۂ مبارک پھیر لیا۔ اتنے میں حضرت ابو بکرؓ تشریف لائے اور مجھے ڈانٹتے ہوئے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں یہ شیطانی گیت؟ آنحضور ﷺ نے حضرت ابو بکرؓ سے فرمایا' ان کو رہنے دو' یہ عید کا دن ہے"۔

اس روایت میں چند امور تنقیح طلب ہیں (ا) غناء اور تغنّی کے معنی (ب) جاریہ کا مفہوم (ج) اشعار کی نوعیت (د) حضرت ابو بکرؓ کے ٹوکنے اور منع کرنے کی بنیاد۔

(الف) "غنا" یا "تغنّی" محض گانے ہی کے لئے نہیں آتے بلکہ بلند آواز سے خوش الحانی کے

۲۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو موسیقار اور مغنّی ثابت کرنے کے لئے مصنف عبد الرزاق وغیرہ کی روایات ہی پیش کی گئی ہیں لیکن مصنف عبد الرزاق جیسی کتابوں کا شمار تیسرے طبقے میں ہوتا ہے۔ اس طبقے کا سرمایۂ حدیث ہر قسم کی رطب و یابس اور غث و سمین روایات سے بھرپور ہے۔ (حجۃ اللہ البالغہ) ظاہر ہے کہ صحاحِ ستہ کی جن احادیث سے حرمتِ معازف و مزامیر ثابت ہوتی ہے ان کے مقابلہ میں ان کا کیا وزن ہو سکتا ہے۔

ساتھ پڑھنے کے معنی بھی آتے ہیں' جیسا کہ حدیث میں ہے:

ما اذن اللّٰہ لشئ ما اذن لنبیّ یتغنّی بالقرآن

یعنی اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کو اتنی توجہ سے نہیں سنا جتنی توجہ سے نبی (ﷺ) کو خوش الحانی سے قرآن پڑھتے ہوئے سنا۔ (مشکوٰۃ ج ا ص ۱۹۰ بحوالہ بخاری' مسلم)

ایک اور حدیث میں ہے: لیس منا من لم یتغن بالقرآن "جس نے قرآن کو خوش الحانی سے نہیں پڑھا وہ ہم میں سے نہیں"۔ (مشکوٰۃ ص ۱۹۰ بحوالہ بخاری)

اسی حدیث کی تشریح میں امام شافعیؒ نے کہا ہے کہ اس سے مراد تحسینِ قراءت ہے' اسی کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے: "زَیِّنُوا القرآن بِاَصواتکم" (مشکوٰۃ ص ۱۹۱' بحوالہ ابو داؤد) یعنی قرآن کو اپنی آوازوں سے زینت دو۔

ان احادیث کی تشریح میں ابن الاثیر لکھتے ہیں: کل من رفع صوتہٗ و والاہ فصوتہ عند العرب غناء (عربوں کے نزدیک بلند آواز سے تسلسل کے ساتھ پڑھنے کو غناء کہا جاتا ہے۔) یہی ابن الاثیر زیرِ بحث حدیث کی وضاحت میں لکھتے ہیں:

"وعندی جاریتان تغنیان بغناءبعاث" ای تنشدان الاشعار التی قیلت یوم بعاث ولم نرد الغناء المعروف بین اھل اللھو واللعب وقد رخص عمر فی غناء الاعراب وھو صوت کالحداء

"عندی جاریتان تغنیان" کا مطلب یہ ہے کہ یہ دونوں نو عمر لڑکیاں وہ اشعار پڑھ رہی تھیں جو جنگ بعاث کے موقع پر (شجاعت و بہادری کے اظہار کے لئے) کہے گئے تھے' اس سے وہ گانا مراد نہیں ہے جو لہو و لعب کے رسیا لوگوں کے ہاں رائج ہے۔ حضرت عمرؓ نے بدوؤں کو بھی غناء کی اجازت دی تھی' وہ بھی حدی خوانی کی طرح ایک آواز ہے۔ (نہایہ' ج ۲ ص ۱۷۳)

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ لکھتے ہیں:

"از صحیح بخاری بعد از تغنیان گفتہ اند و لیستا بمغنیتین' یعنی غنا میکردند و ذات آنہا مغنی نبود کہ غنا حرفت آنہا باشد و غنا را خوب تو انند گفت و مشہور و معروف بداں باشند و تشویق بفاحشہ و تعریض بہوا کنند کہ داعی بفتنہ و فساد بود بلکہ

دختر کان بودند از اہل خانہ چنانکہ در خانہ ہا چیزے میگویند' (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ ج ا' ص ۶۴۰)

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ دو لڑکیاں گھر میں جنگ کے بہادرانہ کارناموں پر مشتمل اشعار پڑھا کرتی تھیں لیکن وہ پیشہ ور مغنیہ نہ تھیں۔ ان میں کوئی چیز ایسی نہ تھی جو عشق و محبت کے جذبات کو بھڑکانے والی ہو یا کسی فتنہ و فساد کا موجب بنے۔ افسوس ہے کہ "ثقافت" کے مقالہ نگار نے یہ حدیث تو نقل کر دی لیکن "لیستا بمغنیتین" کے الفاظ نظرانداز کر گئے۔ علمی تحقیقات کے میدان میں اصحاب علم کو اس قسم کے مشکوک طرز عمل سے بالاتر ہونا ضروری ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ غناء یا تغنّی کے دو معنی ہیں (ا) بلند آواز سے خوش الحانی کے ساتھ اشعار پڑھنا (۲) فنِ موسیقی کے قواعد کے مطابق آواز کے اتار چڑھاؤ کے کرتب کا پر تکلف مظاہرہ کرنا۔ شریعتِ اسلامی نے جس چیز کو گوارا کیا ہے وہ پہلا مفہوم ہے۔ آخر الذکر معنی کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ پھر اس کے ساتھ اگر ساز بھی شامل ہو جائے' (چاہے سوز ہو یا نہ ہو) تو اس کے شرابِ دو آتشہ بننے میں کوئی کسر باقی نہیں رہتی۔

"تغنّی" کی طرح قرآن میں لفظ "تزکیہ" ملتا ہے' اس کے دو مفہوم ہیں: (ا) پاک بننا' پاک بازی اختیار کرنا۔ (۲) پاک کہلانا اور نیکی اور پارسائی کا مظاہرہ کرنا۔ پہلے مفہوم کو مقامِ مدح میں بیان کیا گیا' جیسا کہ ارشاد ہے: قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا (فلاح پائی جس نے نفس کو پاک کیا) لیکن دوسرے معنی کو اپنانے سے روکا گیا ہے' فرمایا: لَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ (اپنی پاکبازی کی نمائش نہ کرو)۔

(ب) لفظ "جاریہ" کی تشریح میں علامہ عینی لکھتے ہیں: الجارية في النساء كالغلام في الرجال ويقال على من دون البلوغ منهما (عمدۃ القاری شرح بخاری' ص ۲۶۸) یعنی عورتوں میں جاریہ نابالغ بچی کو کہتے ہیں جس طرح غلام کا لفظ مردوں میں نابالغ لڑکے پر بولا جاتا ہے۔

(ج) اشعۃ اللمعات کی مذکورہ بالا عبارت سے ان اشعار کی نوعیت بھی معلوم ہو گئی جو یہ لڑکیاں پڑھ رہی تھیں' ان میں کوئی بھی ایسی بات نہ تھی جو سفلی جذبات کے لئے ہیجان انگیز ہوتی

جیسا کہ آج کل موسیقی کی محفلوں اور کانفرنسوں میں ہوتا ہے اور جن کے جواز کے لئے قرآن و حدیث سے دلائل جمع کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

(د) حضرت ابوبکرؓ کا اس موقع پر ٹوکنا ظاہر کرتا ہے کہ ان کو اتنی احتیاط ملحوظ تھی کہ بلند آواز سے اجتماعی رنگ میں اشعار پڑھنا پڑھانا بھی ان کو گوارا نہ ہوا' دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ پہلے سے انہوں نے زبانِ رسالت سے غناء کی مذمت سنی ہوگی تب ہی تو انہوں نے اسے مزمور الشیطان کہہ کر تنبیہہ فرمائی' نیز رسول اللہ ﷺ کا حضرت ابوبکرؓ کے مزمور الشیطان کہنے پر سکوت اختیار کرنا ظاہر کرتا ہے کہ آپؐ کے نزدیک بھی اس قسم کا مشغلہ پسندیدہ نہ تھا......اس حدیث کی تشریح میں علامہ آلوسیؒ لکھتے ہیں:

"حضرت ابوبکرؓ کا اس موقع پر ٹوکنا ظاہر کرتا ہے کہ انہوں نے اس سے پہلے غناء کی مذمت آنحضور ﷺ سے سنی ہوگی' جس کی بنا پر ان کا خیال تھا کہ یہ ممانعت عمومی طور پر ہر موقع کے لئے ہے۔ آنحضور ﷺ نے اپنے ارشاد سے واضح کر دیا کہ عید جیسے خوشی کے مواقع پر اس قسم کے تفریحی مشغلے پر قدغن لگانا اور تشدد برتنا مناسب نہیں ہے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی واضح رہے کہ آپؐ کا اعراض اور بے التفاتی ظاہر کر رہی ہے کہ گھر کے ذمہ داروں اور بزرگوں کو ایسے مشاغل سے بالا تر رہنا ہی بہتر ہے"۔ (تفسیر روح المعانی' ج ۲۱ ص ۶۳)

صحابہؓ کے طرز عمل کی وضاحت

"تغنّی" کی مذکورہ بالا تشریح کے بعد ان روایات کا مفہوم بھی واضح ہو گیا جن میں بعض صحابہ کرام مثلاً حضرت عمرؓ اور حضرت براء بن مالکؓ وغیرہ کی طرف تغنّی کی نسبت کی گئی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ مذکورہ بالا حدیث سے خوشی کے مواقع پر خوش آوازی سے اچھے مضمون کے اشعار اگر گھر کی لڑکیاں پڑھ لیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسی طرح شادی بیاہ کے موقع پر اگر گھر کی لڑکیاں اعلان اور خوشی کے اظہار کے لئے دف کا بھی استعمال کر لیں تو اسے گوارا کیا جا سکتا ہے' جیسا کہ دوسری روایت سے ظاہر ہے۔

امام ابن تیمیہؒ کی تصریح

مذکورہ بالا احادیث کی وضاحت کرتے ہوئے امام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں:

"ہاں آپؐ نے شادی وغیرہ میں عورتوں کو دف بجانے کی اجازت دی ہے' رہے مرد تو آپ کے زمانہ میں کوئی مرد بھی نہ ڈھول بجاتا تھا نہ تالیاں پیٹتا تھا"۔

بلکہ صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ آپؐ نے فرمایا "تالی بجانا (یعنی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی پشت پر مارنا) عورتوں کے لئے اور تسبیح یعنی سبحان اللہ کہنا مردوں کے لئے ہے (یعنی اگر امام نماز میں بھول جائے اور اس کو متنبہ کرنا ہو تو مرد سبحان اللہ کہیں اور عورتیں مذکورہ بالا کیفیت کے ساتھ متنبہ کردیں۔) بلکہ آپؐ نے مردوں سے مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر اور عورتوں سے مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت کی ہے۔

اس حدیث یعنی (زیر بحث روایت) سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ اور آپؐ کے اصحابؓ اس قسم کے سماع کے عادی نہ تھے' اسی لئے حضرت ابوبکرؓ نے اسے شیطان کی آواز قرار دیا۔ نبی ﷺ نے لڑکیوں کو ان کے حال پر اس لئے رہنے دیا تھا کہ وہ عید کا دن تھا اور بچوں کو ایسے موقع پر کھیل کود کی اجازت دے دی جاتی ہے' جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: تاکہ مشرکین جان لیں کہ ہمارے دین میں آسانی ہے' اور معلوم ہے کہ حضرت عائشہؓ اپنی ہم عمر لڑکیوں کے ساتھ کھیلا کرتی تھیں۔ (رسالہ وجد و سماع' ص ۲۶)

ایک ضروری وضاحت

روایات میں شادی بیاہ کے موقع پر زیادہ سے زیادہ دف بجانے کا جواز نکلتا ہے' تاکہ اس طرح اعلان سے نکاح اور زنا کے درمیان امتیاز ہو سکے۔ اب یہ اسلامی مزاج کے یکسر خلاف ہو گا کہ دف پر قیاس کرکے دوسرے ہر قسم کے باجے اور آلاتِ طرب جائز ٹھہرا لئے جائیں۔ اس کی مثال بالکل ایسی ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو خارش کی بنا پر ریشمی لباس کی اجازت دی گئی تھی۔ اب کوئی اور "ثقافت" کے بزرگ عام حالات میں بھی مردوں کے لئے اس کے جواز کا فتویٰ دے دیں تو کیا یہ انصاف کے مطابق ہو گا؟ جس طرح دین میں تنگی ممنوع ہے اسی طرح اس قسم کا توسّع اور تجدّد بھی جائز نہیں ہے جس سے دین میں تحریف کا دروازہ کھل جائے۔

یہ بھی واضح رہے کہ عرب میں بعثتِ نبویؐ کے وقت دف کے علاوہ دوسرے آلاتِ طرب

بھی رائج تھے جیسا کہ عربی زبان کی مستند لغات اور ادبی لٹریچر سے معلوم ہوتا ہے لیکن آنحضور ﷺ کے زمانہ مبارک میں مسلمانوں سے صرف دف کا استعمال ہی منقول ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس پاک معاشرے میں خوشی کے مواقع پر بھی تفریح کی رنگا رنگی اور بوقلمونی درست نہیں سمجھی جاتی تھی۔

فقہاء کا یہ اصول کتنا حکیمانہ ہے کہ وہ احادیث جو اقوالِ نبویؐ پر مشتمل ہیں ان کی حیثیت عام قانون کی سی ہوگی' اور واقعاتی روایات صرف اپنے مندرجات ہی میں محدود رہیں گی' عموم و اطلاق کے لحاظ سے ان کا وہ درجہ نہ ہوگا جو قولی احادیث کو حاصل ہے۔ قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں لان الفعل لاعموم لہ' (ارشاد الفحول' ص ۳۶)

اسلاف میں سے بعض اہلِ علم شادی بیاہ کے مواقع پر بھی دف کو مکروہ سمجھتے ہیں' اس طرز عمل کی بنیاد شریعت کا وہ ضابطہ ہے جسے "سدِّباب ذریعہ" کہا جاتا ہے' یعنی بعض مباحات پر اس وجہ سے پابندی لگادی جاتی ہے کہ اس سے معاشرہ میں حرام مشاغل کے نشوونما پانے کے لئے چور دروازے کھل سکتے ہیں۔ جیسے آپس میں ہدیئے' تحفے دینا لینا مسنون ہے لیکن کسی سرکاری افسر یا جس سے قرض لیا ہو' اس کو تحفے دینا یا اس کی خدمت میں ڈالیاں پیش کرنا جائز نہیں ہے' کیونکہ اس طرح رشوت اور سود کے لئے راستہ ہموار ہوجاتا ہے اور معاشرے کی اجتماعی زندگی فساد اور انتشار کا نشانہ بن جاتی ہے۔ اسی طرح نامحرم عورت کے حسن و جمال سے لطف اندوز ہونا اور حسین چہروں کو قصداً دیکھنا بھی ممنوع ہے' کیونکہ اس سے زنا اور بدکاری کے جراثیم معاشرے میں پھیلتے ہیں' حالانکہ اس موقع پر کہنے والا یہ کہہ سکتا ہے کہ اس نظارہ بازی سے ہم خدا کی قدرت اور اس کی صنعتِ خالقیت کا مشاہدہ کرتے ہیں (اور اس طرح ایمان و عرفان کو تازگی اور قلب و روح کو نئی زندگی حاصل ہوجاتی ہے) --- (اعلام الموقعین' ج ۲ ص ۶۴' از علامہ ابن قیم)

(جاری ہے)

قرآن حکیم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لئے اشاعت کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ للذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

غم اور خوف سے نجات

قرآنی تعلیمات کی روشنی میں ایک تجزیاتی مطالعہ

—— ڈاکٹر احمد افضال ——

(گذشتہ سے پیوستہ)

تیسرا سبق:

دنیا میں انسان کو جو مصیبت پیش آتی ہے یا نعمت ملتی ہے وہ بالعموم زندگی کے بڑے امتحان ہی کا حصہ ہوتی ہے۔ مصیبت آنے پر سمجھنا کہ یہ کسی گناہ کی سزا ہے یا نعمت ملنے پر گمان کر لینا کہ یہ خدا کے خوش اور راضی ہونے کا ثبوت ہے ------- دونوں قسم کے خیالات غلط فہمی پر مبنی ہیں۔ جس طرح کسی تعلیمی امتحان کے نتیجے کا اعلان اس وقت تک نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ امتحان مکمل نہ ہو جائے' اسی طرح حیات دنیا کے دوران ہی جزا و سزا کا مل جانا ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا اچھے برے حالات جزا و سزا کے آخری فیصلوں کی بنیاد پر نہیں' بلکہ آزمائش کے طور پر آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

"ہر جاندار کو موت کا مزا چکھنا ہے' اور ہم اچھے اور برے حالات میں ڈال کر تم سب کی آزمائش کر رہے ہیں۔ آخر کار تمہیں ہماری ہی طرف پلٹنا ہے"۔ (الانبیاء:۳۵)

اس سے معلوم ہوا کہ جسے ہم آفت' بیماری' معذوری' اور افلاس کہتے ہیں وہ درحقیقت ایک پرچۂ امتحان ہے' اور جسے ہم دولت' صحت' آسائش اور اقتدار کا نام دیتے ہیں وہ ایک دوسرا پرچۂ امتحان ہے۔ اللہ تعالیٰ مختلف طریقوں سے آزما کر دیکھتا ہے کہ کون اس کے راستے پر ثابت قدم رہتے ہیں اور کون حالات کے نشیب و فراز سے متأثر ہو کر بھٹک جاتے ہیں۔

قرآن حکیم بار بار کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصائب و تکالیف کے ذریعے اپنے بندوں کو آزماتا ہے تاکہ یہ ظاہر ہو جائے کہ ایمان کی دولت فی الواقع کس کو حاصل ہے اور کون اس کے جھوٹے دعویدار ہیں:

"اور ہم ضرور تمہیں خوف و خطر' فاقہ کشی' جان و مال کے نقصانات اور آمدنیوں کے گھاٹے میں مبتلا کر کے تمہاری آزمائش کریں گے"۔ (البقرۃ:۱۵۵)

"کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ بس اتنا کہنے پر چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے' اور انہیں آزمایا نہ جائے گا؟ حالانکہ ہم ان سب لوگوں کی آزمائش کر چکے ہیں جو ان سے پہلے گزرے ہیں۔ اللہ کو تو ضرور یہ دیکھنا ہے کہ سچے کون ہیں اور جھوٹے کون"۔ (العنکبوت:۲'۳)

چنانچہ ایمانِ حقیقی سے محروم لوگ مشکلات میں بہت جلد ہمت ہار بیٹھتے ہیں' ہراس ہستی کے سامنے سر جھکا لیتے ہیں جو بظاہر بااختیار نظر آئے اور ہر گناہ کا کام کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ کبھی قسمت یا گردشِ ایام کو کوسنے لگتے ہیں اور کبھی خدا کو۔ یہاں تک کہ مایوس ہو کر خودکشی جیسا انتہائی قدم اٹھا لیتے ہیں۔ جبکہ ایسے حالات میں ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ انسان حلال و حرام کی حدود کا خیال رکھتے ہوئے مشکلات کا مقابلہ کرے' راہ حق پر قائم رہے' اور جس نقصان کی تلافی ممکن نہ ہو اسے صبر کے ساتھ برداشت کرے۔

مصائب و مشکلات کی طرح کسی کو دولت و نعمت اور بے فکری کا ملنا بھی آزمائش ہے۔ ارشادِ الٰہی ہے:

"تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو ایک آزمائش ہیں"۔ (التغابن:۱۵)

"واقعہ یہ ہے کہ یہ جو کچھ سروسامان بھی زمین پر ہے اس کو ہم نے زمین کی زینت بنایا ہے تاکہ ان لوگوں کو آزمائیں کہ ان میں کون بہتر عمل کرنے والا ہے"۔ (الکھف:۷)

دنیا کا مال و اسباب' اولاد' نام و نمود' اثر و رسوخ' اور شان و شوکت عطا کر کے اللہ تعالیٰ دیکھنا چاہتا ہے کہ بندہ صراط مستقیم پر رہتا ہے یا نہیں۔ اکثر لوگ روپیہ' طاقت' شہرت' اور عزت پاکر سمجھتے ہیں کہ یہ ان کے عیش و عشرت کے لئے فراہم کیا گیا ہے' اور بھول جاتے ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے آزمائش ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ حالات کے نشیب و فراز کے ساتھ ان کا مزاج اور رویہ بھی بدلتا رہتا ہے۔

"انسان کا حال یہ ہے کہ جب ہم اس کو نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ اینٹھتا ہے اور پیٹھ موڑ لیتا ہے اور جب ذرا مصیبت سے دوچار ہوتا ہے تو مایوس ہونے لگتا ہے"۔ (بنی اسرائیل:۸۳)

اس کے برعکس جو لوگ دنیا کے رنج اور خوشی کی حقیقت پالیتے ہیں ان کے لئے یہ چیزیں مایوسی یا تکبر کے بجائے ترقی ایمان اور تزکیہ نفس کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ "مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے۔ اللہ اس کے حق میں جو فیصلہ بھی کرتا ہے وہ اس کے لئے اچھا ہی ہوتا ہے۔ مصیبت پڑے تو صبر کرتا ہے اور وہ اس کے لئے اچھا ہوتا ہے۔ خوشحالی میسر آئے تو شکر کرتا ہے اور وہ بھی اس کے لئے اچھا ہی ہوتا ہے۔ یہ بات مومن کے سوا کسی کو نصیب نہیں ہوتی"۔ (بخاری و مسلم)

اکثر لوگ شعوری یا غیر شعوری طور پر مال و دولت اور جاہ و اقتدار کے ملنے یا نہ ملنے کو عزت و ذلت کا معیار بنا لیتے ہیں۔ جس شخص کا معیارِ زندگی اونچا ہو اسے "بڑا" آدمی کہہ دیتے ہیں خواہ اس کے اعمال کتنے ہی گھناؤنے ہوں۔ اور جس کا معیار زندگی پست ہو اسے "چھوٹا" سمجھ لیتے ہیں خواہ اس کے اعمال کتنے ہی صالح ہوں۔ حالانکہ اصل معیار یہ نہیں بلکہ تقویٰ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

> "انسان کا حال یہ ہے کہ اس کا رب جب اس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اسے اکرام و انعام دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزت دار بنا دیا' اور جب اس کو (دوسری طرح) آزماتا ہے اور اس کا رزق اس پر تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا۔ ہرگز ایسا نہیں ہے...... "۔ (الفجر: ۱۵-۱۷)

سب جانتے ہیں کہ دنیا کی تنگ دستی اور افلاس کا نیک اور شریف لوگوں کو بھی سامنا کرنا پڑتا ہے اور اللہ کے فضل اور نعمتوں سے برے لوگ بھی نوازے جاتے ہیں۔ دراصل رزق کی تقسیم حکمتِ الٰہی کے تحت اور آزمائش کی مصلحت کے ساتھ ہوتی ہے نہ کہ انعام و غضب کے لئے۔

> "ان سے کہو! میرا رب جسے چاہتا ہے کشادہ رزق دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے نپا تلا عطا کرتا ہے۔ مگر اکثر لوگ اس حقیقت کو نہیں جانتے"۔ (سبا: ۳۶)

اللہ تعالیٰ یوں تو سب کو عطا کرتا ہے' تاہم اس کی دین سب کے لئے یکساں اور برابر نہیں ہے۔ دنیا میں مال و دولت یا صلاحیتیں ہر شخص کو حسب تقدیر ملتی ہیں۔ اللہ نے کسی کو ایک چیز کم دی ہے تو کوئی دوسری شے زیادہ دے دی ہے۔ کسی اور کو پہلی چیز زیادہ بخش دی ہے تو دوسری شے کم عطا کی ہے۔ اسی طرح دنیا کی روزی نیک و بد دونوں طرح کے انسانوں کو ملتی ہے۔ جو شخص

محض دنیا کی کامیابی کو اپنا مقصود بنالیتا ہے وہ چاہے جتنی کوشش کر لے' اسے وہ سب نہیں مل سکتا جس کی وہ تمنا کرتا ہے۔ ملے گا اسی قدر جتنا اللہ چاہے گا۔ دوسری طرف جو شخص آخرت کی فلاح کو اپنا اصل ہدف بناتا ہے اور اسی مقصد کے لئے اپنی زیادہ کوششیں صرف کرتا ہے' تو دنیا کا رزق اسے بھی اتنا ہی ملے گا جس قدر اللہ چاہے گا۔ فرق یہ ہے کہ پہلے شخص کے لئے آخرت کی بھلائیوں میں کوئی حصہ نہیں' جبکہ دوسرے شخص کو اللہ کی رضا اور ہمیشہ باقی رہنے والا عیش حاصل ہو گا۔

"اور جو کوئی دنیا کا خواہشمند ہو' اسے ہم یہیں دے دیتے ہیں جو کچھ جسے دینا چاہیں' پھر اس کے مقسوم میں جہنم لکھ دیتے ہیں جسے وہ تاپے گا ملامت زدہ اور رحمت سے محروم ہو کر۔ اور جو آخرت کا خواہش مند ہو اور اس کے لئے سعی کرے جیسی کہ اس کے لئے سعی کرنی چاہئے' اور ہو وہ مومن' ایسے ہر شخص کی سعی مشکور ہو گی۔ ان کو بھی اور ان کو بھی' دونوں فریقوں کو ہم دنیا کا سامانِ زیست دیئے جا رہے ہیں۔ یہ تیرے رب کا عطیہ ہے اور تیرے رب کی عطا کو روکنے والا کوئی نہیں"۔

(بنی اسرائیل: ۱۷۔ ۲۰)

"اور جو لوگ بس اسی دنیا کی زندگی اور اس کی خوشنمائی کے طالب ہوتے ہیں ان کی کارگزاری کا سارا پھل ہم یہیں ان کو دے دیتے ہیں' اور اس میں ان کے ساتھ کوئی کمی نہیں کی جاتی' مگر آخرت میں ایسے لوگوں کے لئے آگ کے سوا کچھ نہیں"۔ (ھود: ۱۵'۱۶)

رزق حلال خواہ تھوڑا ہی ہو اس کثیر مال و دولت سے بہرحال بہتر ہوتا ہے جو ناجائز طریقے سے حاصل کیا جائے یا جو کفر و طغیان کا باعث بن جائے۔ فرمان الٰہی ہے:

"اور نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھو دنیوی زندگی کی اس شان و شوکت کو جو ہم نے ان میں سے مختلف قسم کے لوگوں کو دے رکھی ہے۔ وہ تو ہم نے انہیں آزمائش میں ڈالنے کے لئے دی ہے اور تیرے رب کا دیا ہوا رزق ہی بہتر اور پائندہ تر ہے"۔ (طٰہٰ: ۱۳۱)

"کہہ دو کہ پاک اور ناپاک یکساں نہیں ہیں خواہ ناپاک کی بہتات تمہیں کتنا ہی فریفتہ کرنے والی ہو"۔ (المائدہ: ۱۰۰)

<u>دنیاوی جزا و سزا کی حقیقت:</u> قرآن حکیم سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کی طرف کسی رسول کو مبعوث فرمادیتا ہے تو اس قوم کے حق میں اس کا ایک خاص قانون نافذ ہو جاتا ہے۔ یعنی اگر وہ فرمانبرداری اور شریعت کی پیروی کا راستہ اختیار کریں تو انہیں دنیا ہی میں خوشحالی اور اقتدار عطا ہوتا ہے اور اگر وہ نافرمانی اور بغاوت کریں تو انہیں دنیا میں ہی عذاب دیا جاتا ہے[۱]۔ چنانچہ عاد اور ثمود' قوم نوحؑ' قوم لوطؑ' قوم شعیبؑ اور آل فرعون اسی قانون کے تحت تباہ و برباد کئے گئے۔ اسی طرح بنی اسرائیل اور امت مسلمہ پر' مختلف اوقات میں ان کے مجموعی رویے کی بنیاد پر' خوشحالی بھی آئی اور رسوائی و مغلوبیت بھی مسلط کی گئی۔ لیکن یاد رہے کہ یہ معاملہ صرف اقوام کے ساتھ ہوتا رہا ہے۔ افراد کے لئے اللہ تعالیٰ کی سنت یہ ہے کہ نیکی کرنے سے دل کا سکون اور مزید نیکی کی توفیق عطا ہوتی ہے[۲]' اور بدی کرنے پر دل کی تنگی و بے چینی کے ساتھ گناہ کا راستہ آسان کر دیا جاتا ہے[۳]۔ اگر دنیا میں انفرادی مکافات عمل ہے بھی تو نہایت ناقص صورت میں۔ رہی نیکی و بدی کی اصل اور بھرپور جزا و سزا تو اس کے لئے عالم آخرت ہے نہ کہ دنیا۔ یہاں کا حال تو ایسا ہے کہ اگر کسی نیک آدمی کو نعمت ملتی ہے تو اس میں انعام کے بجائے آزمائش کا پہلو غالب رہتا ہے۔ اور اگر کسی برے آدمی پر مصیبت آتی ہے تو اس میں سزا کے بجائے تنبیہہ کا مقصد پیش نظر ہوتا ہے۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ گناہ گار شخص پر مشکل اور تکلیف کا آنا اللہ کی رحمت ہے کہ وہ اسے سنبھلنے اور توبہ کرنے کا موقع دے رہا ہے[۴]۔

۱۔ اس مضمون کی آیات قرآن میں کئی جگہ وارد ہوئی ہیں۔ ملاحظہ کیجئے: آل عمران ۱۳۹ و ۱۴۷' المائدہ ۶۶' الاعراف ۹۶' یونس ۶۳ و ۶۴' ہود ۳ و ۵۲' ابراہیم ۷' النحل ۳۰' النور ۵۵' الزمر ۱۰' النوح ۱۰ تا ۱۲ –

۲۔ النحل: ۹۷

۳۔ طٰہٰ: ۱۲۴

۴۔ قرآن حکیم کی بعض آیات سے بظاہر ایسا تاثر ملتا ہے کہ مصائب کا سبب گناہ ہیں۔ مثلاً شوریٰ ۳۰ و ۴۸ اور الروم ۳۶۔ لیکن ان آیات میں دراصل اس بات کا ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

چوتھا سبق:

اگرچہ مصیبت کا آنا یا کسی نعمت کا عطا ہونا' دونوں ہی امتحان کے طریقے ہیں' تاہم یہ ہرگز برابر نہیں۔ آزمائش دراصل اس امر کی ہوتی ہے کہ ہم مصیبت میں اللہ کے بندوں سے امیدیں وابستہ کر بیٹھتے ہیں یا اللہ ہی کی طرف متوجہ رہتے ہیں۔ اسی طرح نعمت ملنے پر اللہ کے شکر گزار بن کر رہتے ہیں یا کسی گھمنڈ میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

پہلی صورت یعنی "مصیبت" کے بارے میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کے دو درجے ہیں۔ معمولی قسم کی مصیبت میں انسان سے کسی نہ کسی نوعیت کے شرک کا ارتکاب ہو سکتا ہے۔ مثلاً وہ کسی حاکم یا افسر کو' کسی دیوی یا دیوتا کو' اور کسی فرشتے یا فوت شدہ بزرگ کو اپنے لئے خیر و شر کا مختار سمجھ لیتا ہے۔ لیکن جب اس سے شدید تر مصیبت آتی ہے تو ان جھوٹے خداؤں کا سہارا بھی باقی نہیں رہتا اور انسان سمجھ لیتا ہے کہ اللہ کے سوا دوسرے بے اختیار ہیں اور فی الواقع مصیبت کو ٹالنے کی طاقت اللہ کے سوا کسی میں نہیں ہے۔ اس اعتبار سے مصائب و شدائد کا آنا آزمائش کی ایک آسان شکل ہے کیونکہ اس میں اللہ کو بھول جانے کا امکان کم ہوتا ہے۔

"انسان پر جب کوئی آفت آتی ہے تو وہ اپنے رب کی طرف رجوع کر کے اسے پکارتا ہے۔" (الزمر: ۸)

یہ اور بات ہے کہ برے وقت کے جاتے ہی بہت سے لوگ دوبارہ اللہ سے غافل ہو جاتے ہیں:

"پھر جب اس کا رب اسے اپنی نعمت سے نواز دیتا ہے تو وہ اس مصیبت کو بھول جاتا ہے جس پر پہلے پکار رہا تھا اور دوسروں کو اللہ کا ہمسر ٹھہراتا ہے تاکہ اس کی راہ سے گمراہ کرے"۔ (الزمر: ۸)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

جب کسی رسول کو بھیجتا ہے تو اس کی قوم پر کچھ اجتماعی نوعیت کی مشکلات اور آفات بھی نازل کرتا ہے (جیسے مکہ کا قحط) تاکہ لوگ خواب غفلت سے جاگیں اور خدا کی طرف متوجہ ہوں۔ اس مضمون کی وضاحت کے لئے ملاحظہ کیجئے الانعام ۴۲ تا ۴۴' الاعراف ۹۶ تا ۹۹' یونس ۲۱' النحل ۱۱۲ و ۱۱۳' السجدہ ۲۱' الدخان ۱۰ تا ۱۶' الروم ۴۱

رہی دوسری صورت یعنی "نعمت" کا عطا ہونا تو در حقیقت یہ زیادہ مشکل اور کڑا امتحان ہے۔ لوگ اپنی جہالت و نادانی میں یہ گمان کر لیتے ہیں کہ ہمیں جو کچھ ملا ہے ہماری اپنی کوشش' تدبیر' صلاحیت' قابلیت' اور منصوبہ بندی سے ملا ہے۔ جب کسی کا کام خوب چلنے لگتا ہے تو اسے یاد نہیں رہتا کہ یہ سب اللہ کا فضل ہے اور کسی استحقاق کی وجہ سے نہیں بلکہ آزمائش کے لئے عطا ہوا ہے۔

"جب انسان کو ذرا سی مصیبت چھو جاتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے اور جب ہم اسے اپنی طرف سے نعمت دے کر ابھار دیتے ہیں تو کہتا ہے یہ تو مجھے علم کی بنا پر دیا گیا ہے! نہیں بلکہ یہ آزمائش ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔" (الزمر: ۴۹)

پانچواں سبق:

قرآن حکیم بار بار یاد دلاتا ہے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کی ملکیت ہے۔ انسان کے پاس جو بھی ہے' خواہ ظاہری مال و اسباب ہوں یا باطنی صلاحیتیں اور قوتیں' یہ سب اس کا اپنا نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی امانت ہے جو کچھ مدت کے لئے اس نے دے رکھی ہے۔ اگر وہ اپنی کسی عطا کی ہوئی شے کو واپس لینا چاہے تو اسے پورا پورا اختیار حاصل ہے۔ اگر یہ حقیقت پیش نظر رہے تو ہمیں کسی نقصان یا ناکامی پر افسوس اور مایوسی نہیں ہوگی۔ جب کوئی چیز سرے سے ہماری ملکیت ہے ہی نہیں' تو اس کے جاتے رہنے پر غم کیسا؟

"کہو' اے اللہ' ملک کے مالک' تو جسے چاہتا ہے حکومت دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے چھین لیتا ہے' جس کو چاہے غالب کر دیتا ہے اور جس کو چاہے پست کر دیتا ہے۔ بھلائی تیرے ہی اختیار میں ہے۔ بے شک تو ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔" (آل عمران:۲۶)

چھٹا سبق:

ارشاد الٰہی ہے:

"ہو سکتا ہے کہ ایک چیز تمہیں پسند نہ ہو مگر اللہ نے اسی میں بہت کچھ بھلائی رکھ دی ہو۔" (النساء: ۱۹)

حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات خیر مطلق ہے۔ اس لئے وہ جو کچھ بھی کرتا ہے اس میں بندوں کے لئے کوئی نہ کوئی بھلائی اور خیر ضرور پوشیدہ ہوتا ہے۔ اکثر و بیشتر صورتوں میں اللہ

تعالیٰ کی عظیم حکمتیں اور مصلحتیں ہماری ننھی سی عقلوں میں نہیں سماتیں اور ہم سمجھ ہی نہیں پاتے کہ کسی مصیبت میں کون سا خیر چھپا ہے۔ سورۂ کہف میں قصۂ موسیٰؑ و خضرؑ سے ظاہر ہوتا ہے کہ کائنات میں شر کا وجود اضافی (RELATIVE) ہے۔ جو واقعہ ایک لحاظ سے ناگوار اور تکلیف دہ محسوس ہوتا ہے' اگر غیب کے پردے اٹھا دیئے جائیں تو اسی واقعے میں خیر کے پہلو بھی نظر آنے لگیں گے۔

جو مصائب ہم پر ہماری اپنی غلطی یا کوتاہی کے باعث آتے ہیں ان میں خیر کا نمایاں پہلو یہ ہوتا ہے کہ ہمیں اپنی غلطیوں کا احساس ہو جاتا ہے' اور ہم مستقبل میں زیادہ صحیح روش اختیار کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ یہ حقیقت تسلیم کی جاتی ہے کہ ہم جتنی زیادہ غلطیاں کرتے ہیں اور جتنی زیادہ ناکامیوں سے دوچار ہوتے ہیں' اسی قدر ہمارے علم اور تجربے میں اضافہ ہوتا ہے اور اسی قدر ہماری ترقی اور پائیدار کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ صرف ناکامی ہماری استاد بنتی ہے اور ہمیں بہت کچھ سکھا دیتی ہے۔ اس کے برعکس کامیابی سے ہم کچھ نہیں سیکھتے بلکہ ہماری غلط سوچیں ہی پختہ ہو جاتی ہیں۔

جو مصائب دوسرے لوگوں کے ہاتھوں یا قدرتی طور پر واقع ہوتے ہیں اور جن کے وارد ہونے میں ہمارا اپنا کوئی کردار نہیں ہوتا' ان میں بھی خیر کے پہلو موجود ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر غور کیجئے کہ اگر دنیا میں انسان کی زندگی پورے آرام و سکون سے گذرتی تو وہ یہ سمجھ بیٹھتا کہ مجھ سے بالاتر کوئی ہستی نہیں ہے۔ مشکلات اور شدائد ہمیں یہ احساس دلاتے ہیں کہ ہماری تقدیر مکمل طور پر ہمارے اپنے ہاتھوں میں نہیں ہے بلکہ کوئی اور طاقتور ہستی اسے CONTROL کر رہی ہے۔

اسی طرح کا معاملہ اخلاقی شر کا ہے کہ دنیا میں معصیت اور جرم کے جو رجحانات پائے جاتے ہیں ان میں بھی خیر کسی نہ کسی شکل میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ اولاً یہ کہ اگر زندگی میں رکاوٹیں اور موانع موجود نہ ہوں تو حیات جامد ہو کر رہ جائے۔ انسان کے کردار کی ترقی اسی وقت ہوتی ہے جب اسے مزاحم قوتوں سے لڑنا پڑتا ہے۔ انسان جب اپنے نفس کے ناجائز مطالبوں سے کشمکش کرتا ہے اور جب سماج کے باطل رجحانات سے جنگ کرتا ہے تو اسی مزاحمت سے وہ قوت جنم لیتی ہے جو اس کے ارتقاء کے لئے ضروری ہے۔ اگر نیکی کرنے میں فائدے

ہی فائدے ہوتے اور بدی کرنے میں نقصان کے سوا کچھ نہ ہوتا تو پوری نسلِ آدم صراط مستقیم ہی پر قائم رہتی اور یہ ظاہر ہی نہ ہو پاتا کہ کون نیک ہیں اور کون بد؟ دنیا کا نظام کچھ ایسا بنایا گیا ہے کہ یہاں خیر و شر میں مسلسل تصادم رہتا ہے اور اس طرح بدی کے داعیات کا مقابلہ کرنے سے انسانی نفس کا تزکیہ ہوتا رہتا ہے۔

ثانیاً اس امر کو بھی فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے ایک محدود دائرے کے اندر اختیار اور آزادیٔ انتخاب (FREEDOM OF CHOICE) عطا فرمائی ہے۔ یہ اختیار ایک دودھاری تلوار کی طرح ہے کہ اس سے خیر بھی برآمد ہو سکتا ہے اور شر بھی۔ چنانچہ علامہ اقبال اپنے خطبات میں لکھتے ہیں:

> "خیر کا مطلب ہے انسان کا برضا و رغبت کسی اخلاقی نصب العین کی پیروی کرنا..... وہ ہستی جس کے اعمال و افعال کُل کی طرح متعین ہیں' خیر کی اہل کیسے ہو سکتی ہے؟ آزادی خیر کی شرطِ اولین ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ ایسے نفوسِ متناہیہ (FINITE EGOS) کی آفرینش جن کے سامنے عمل کا ایک نہیں' کئی راستے ہوں اور ہر راستے کی اپنی قدر و قیمت' ایک بہت بڑا خطرہ ہے۔ کیونکہ ہم ان میں سے جس راستے کا چاہیں انتخاب کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر انسان خیر کا انتخاب کر سکتا ہے تو یہ بھی ممکن ہے کہ وہ شر کا انتخاب کر لے.... انسان کی مخفی قوتوں کی تربیت کچھ یونہی ممکن تھی کہ اس طرح کا خطرہ برداشت کر لیا جاتا"۔ (تشکیل جدید الٰہیاتِ اسلامیہ' ص ۱۲۸'۱۲۹)

دراصل گناہ اور نیکی دونوں لازم و ملزوم ہیں کیونکہ دونوں کا منبع انسان کا اختیار ہے۔ اگر انسان فرشتوں کی طرح بے اختیار مخلوق ہوتا تو دنیا میں برائی اور جرم کا کوئی وجود نہ ملتا' لیکن ایسی صورت میں خیر اور بھلائی بھی نہ ہوتی اور ہماری حیثیت اشرف المخلوقات کے بجائے فقط دو ٹانگوں پر چلنے والے جانور کی رہ جاتی۔ آزمائش کا تقاضا اسی صورت میں پورا ہو سکتا ہے جب انسان کو اپنا راستہ چننے کا اختیار حاصل ہو۔

(جاری ہے)

لغات و اعراب قرآن (۴۸)

پروفیسر حافظ احمد یار

سورۃ البقرۃ (۳۲)

آیات ۴۹-۵۰

ملاحظہ: کتاب میں حوالہ کے لیے قطعہ بندی (پیراگرافنگ) میں بنیادی طور پر تین ارقام (نمبر) اختیار کیے گئے ہیں۔ سب سے پہلا (دائیں طرف والا) ہندسہ سورۃ کا نمبر شمار ظاہر کرتا ہے اس سے اگلا (درمیانی) ہندسہ اس سورۃ کا قطعہ نمبر (جو زیر مطالعہ ہے اور جو کم از کم ایک آیت پر مشتمل ہوتا ہے) ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بعد والا (تیسرا) ہندسہ کتاب کے مباحثِ اربعہ (اللغہ' الاعراب' الرسم اور الضبط) میں سے زیر مطالعہ مبحث کو ظاہر کرتا ہے یعنی علی الترتیب اللغہ کے لیے ۱، الاعراب کے لیے ۲، الرسم کے لیے ۳، اور الضبط کے لیے ۴ کا ہندسہ لکھا گیا ہے بحث اللغہ میں چونکہ متعدد کلمات زیر بحث آتے ہیں اس لیے یہاں حوالہ کی مزید آسانی کے لیے نمبر ۱ کے بعد قوسین (بریکٹ) میں متعلقہ کلمہ کا ترتیبی نمبر بھی دیا جاتا ہے۔ مثلاً ۲ : ۵ : ۱ (۳) کا مطلب ہے سورۃ البقرہ کے پانچویں قطعہ میں بحث اللغۃ کا تیسرا لفظ اور ۲ : ۵ : ۳ کا مطلب ہے سورۃ البقرہ کے پانچویں قطعہ میں بحث الرسم۔ وھکذا۔

۲ : ۳۲

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ
سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ
نِسَآءَكُمْ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
عَظِيْمٌ ○ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ
وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○

۲:۳۲:۱ اللغــة

[وَاِذْ] "وَ" کے معنی اور استعمال کے لیے الفاتحہ : ۵ [۱:۴:۱(۳)] اور "اِذْ" کے معانی و استعمال کے لیے البقرہ : ۳۰ [۲:۲۲:۱(۱)] میں دیکھئے۔ "وَاِذْ" کا (یہاں) لفظی ترجمہ ہے "اور جب"۔ "اذ" کے قواعد استعمال کو ملحوظ رکھتے ہوئے (جن کی وضاحت ۲:۲۲:۱(۱) میں ہوچکی ہے) یہاں اس کا ترجمہ "(یاد کرو) جب کہ" (وہ زمانہ یاد کرو) جب کہ"، (اس وقت کو یاد کرو) جب"، "اور (یاد کرو) جب"، "(ہمارے ان احسانات کو یاد کرو) جب"، (وہ وقت یاد کرو) جب/جب کہ" کی صورت میں کیا گیا ہے۔ ان سب تراجم میں یہ (یاد کرو) والی بات "اذ" ظرفیہ کے نحوی تقاضوں کی بناء پر لائی گئی ہے۔ تاہم اُردو محاورے میں اس کے لانے کی چنداں ضرورت نہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ بعض بزرگوں نے اس کے صرف لفظی ترجمہ "اور جب" پر ہی اکتفاء کیا ہے۔

۲:۳۲:۱(۱) [نَجَّيْنَاكُمْ] (یہ رسم املائی ہے رسم عثمانی پر آگے بات ہوگی) اس میں آخری ضمیر منصوب "كُمْ" بمعنی "تم کو" ہے اور "نَجَّيْنَا" کا مادہ "ن ج و" اور وزن "فَعَّلْنَا" ہے اس مادہ سے فعل مجرد "نجا ینجو" (باب نصر سے) اور مختلف مصادر کے ساتھ مختلف معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے مثلاً (۱) "نجا ینجو نجاۃً" کے معنی ہیں: "نجات پانا" (یہ عربی کا لفظ "نَجَاۃ" یا "نجوٰۃ" (مثل زکوٰۃ وصلوٰۃ) ہی ہے جو اُردو میں لمبی "ت" کے ساتھ لکھا جاتا ہے) "چھوٹ جانا، خلاصی پانا، محفوظ ہوجانا، بچ جانا"۔ یہ فعل لازم ہے اور جس سے نجات پائی جائے اس کا ذکر کرنا ہو تو اس سے پہلے "مِن" لگتا ہے مثلاً "نجامِنْه" (اس نے اس سے نجات پائی) کہتے ہیں "نجاہ" کہنا غلط ہے۔ (۲) نجا ینجو نجویً کے معنی ہیں: "سرگوشی کرنا، کسی سے خفیہ بات کرنا" ان معنی کے لیے یہ فعل بطور متعدی استعمال ہوتا ہے اور اس کا مفعول عموماً بنفسہٖ آتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں "نجا فلانًا" (اس نے فلاں سے سرگوشی کی)۔ عربی زبان میں یہ فعل بعض دیگر معانی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً "نجا ینجو نجاءً = جلدی کرنا" "نجا ینجو نجوًا۔ کھال آتارنا یا درخت کاٹنا" وغیرہ ــــ تاہم ان معنی میں اس مادہ سے کوئی فعل قرآن کریم میں استعمال نہیں ہوا۔

● قرآن کریم میں اس فعل مجرد سے صرف دو صیغے (یوسف : ۴۵ اور القصص : ۲۵) آئے ہیں اور وہ بھی صرف پہلے معنی (نجات پانا) کے لیے۔ دوسرے معنی (سرگوشی کرنا) کے لیے قرآن میں صیغۂ فعل تو نہیں آیا مگر اس کا مصدر (نجویٰ) مختلف شکلوں (مفرد مرکب معرفہ نکرہ) میں گیارہ مقامات پر وارد ہوا ہے فعل مجرد کے علاوہ اس مادہ (نجو) سے مزید فیہ کے باب تفعیل سے مختلف افعال کے صیغے

۳۷ جگہ ' بابِ افعال سے ۲۲ جگہ ' باب تفاعل سے ۴ جگہ اور باب مفاعلہ سے صرف ایک جگہ آئے ہیں۔اس کے علاوہ فعل مجرد و مزید فیہ سے مصادر اور اسماء مشتقہ بھی ۱۷ جگہ وارد ہوئے ہیں۔ان سب پر حسبِ موقع بات ہوگی۔ان شاء اللہ تعالیٰ۔

● زیر مطالعہ کلمہ "نَجَّیۡنَا" اس مادہ (نجو) سے باب تفعیل کا فعل ماضی صیغہ جمع متکلم ہے۔بظاہر اسے "نَجَّوۡنَا" ہونا چاہیے تھا (دیکھیے اوپر شروع میں اس کا مادہ اور وزن)۔مگر اہلِ عرب فعل ناقص کے مزید فیہ ابواب میں "و" کو بھی "ی" میں بدل کر بولتے اور لکھتے ہیں۔اس باب (تفعیل) سے فعل "نَجَّی ۔۔۔۔ یُنَجِّیۡ، تَنۡجِیَۃً" (دراصل نَجَّوَ یُنَجِّوُ تَنۡجِوَۃً) زیادہ تر بطور فعل متعدی استعمال ہوتا ہے۔ اور اس کے بنیادی معنی ہیں: ۔۔۔۔ کو چھڑانا، ۔۔۔۔ کو خلاصی دلانا، ۔۔۔۔ کو نجات دینا، ۔۔۔۔ کو رہائی دینا" ـــــ اس کا مفعول تو بنفسہٖ (بغیر صلہ کے) آتا ہے اور جس سے نجات دلائی جائے اس پر "مِنۡ" لگتا ہے۔عربی ڈکشنریوں میں آپ کو اس فعل کے کچھ اور معنی (مثلاً اونچی زمین پر چھوڑنا، زمین کی سطح بلند کرنا وغیرہ) بھی ملیں گے تاہم قرآن کریم میں ہر جگہ یہ فعل "نجات دینا" "چھڑانا" والے معنی میں ہی استعمال ہوا ہے۔

<u>۱:۳۲:۲ (۲)</u> [مِنۡ اٰلِ فِرۡعَوۡنَ] یہ تین کلمات ہیں "من ۔ آل اور فرعون" ـــ ان میں سے "مِن" (جس کا ترجمہ یہاں "سے" ہوگا) کے معانی اور استعمالات کئی دفعہ سامنے آچکے ہیں۔ضرورت ہو تو <u>۲:۲:۱(۵)</u> میں دیکھ لیجئے۔"آل" (یہ اس کا عام املائی ضبط ہے قرآنی ضبط پر آگے بات ہوگی) کا مادہ ایک تو ① "اول" بتایا گیا ہے۔معاجم (ڈکشنریوں) میں عموماً یہ لفظ اسی مادہ کے تحت بیان ہوتا ہے۔گویا اس کا وزن "فَعَلٌ" اور شکل اصلی "اَوَلٌ" ہے جس میں واو متحرکہ ماقبل مفتوح الف میں بدل جاتی ہے اور لفظ "آل" بن جاتا ہے۔اس مادہ سے فعل مجرد "آل یَئُوۡلُ مَآلاً (دراصل اَوَلَ یَأۡوُلُ مَأۡوَلاً) باب نصر سے آتا ہے اور اس کے معنی ہیں: "لوٹ آنا، انجامِ کار کی طرف آنا" اس کے ساتھ عموماً "اِلیٰ" کا صلہ لگتا ہے کہتے ہیں "آل الیہ" (اس کی طرف لوٹا) اسی کا مصدر "مَآل" بمعنی "انجام اور نتیجہ" اردو میں مستعمل ہے۔ اور "آل یئول اِیَالاً" (جو دراصل "اِوَالاً" ہے) کے معنی ہیں: "حاکم ہونا، حکومت کرنا" اس صورت میں بعض دفعہ اس کے ساتھ "علی" کا صلہ آتا ہے مثلاً کہتے ہیں: "آلَ علی القوم و آل الرعیۃَ (قوم یا رعیت کا انتظام سنبھالا) ـــــ تاہم قرآن کریم میں اس فعل مجرد سے فعل کا کوئی صیغہ کسی معنی کے لیے استعمال نہیں ہوا۔البتہ اس سے باب تفعیل کا مصدر "تاویل" قرآن کریم میں ۱۷ جگہ آیا ہے۔

(۲) بعض کے نزدیک اس (آل) کا مادہ "اھل" ہے۔ اس کی اصلی شکل "اَھَلٌ" (بروزن فَعَلٌ) ہے پھر خلافِ قیاس "ھ" کو ہمزہ (أ) میں بدل دیا جاتا ہے اور ہمزۂ مفتوحہ اور ہمزۂ ساکنہ مل کر "آ" بن جاتے ہیں۔ یعنی اَھَلٌ = ااَلٌ = آلٌ۔

اس مادہ (اھل) سے فعل مجرد "اَھَل یَأْھِل اُھُولًا" (باب ضرب اور نصر سے) آتا ہے اور اس کے معنی ہیں: "شادی کرلینا، گھربار بنالینا، گرہستی ہوجانا" اور اسی سے فعل مجہول "اُھِلَ المکانُ" کے معنی "مکان یا جگہ آباد ہوجانا" ہیں اور مکانات اور آبادی والی جگہ کو "مکانٌ مَاْھُول" کہتے ہیں۔ اس فعل سے بھی کوئی صیغۂ فعل قرآنِ کریم میں نہیں آیا۔ البتہ لفظ "اھل" مختلف صورتوں (مفرد مرکب واحد جمع) میں ۱۲۷ جگہ وارد ہوا ہے۔

● لفظ اھل کے معانی میں (۱) بیوی، بال بچے (۲) قریبی رشتہ دار (۳) کسی چیز کے ساتھ والے (۴) (کسی جگہ) کے رہنے والے (۵) مستحق اور صاحب البیت" شامل ہیں اور یہ لفظ اضافت کے ساتھ متعدد معانی دیتا ہے اس لفظ کے معانی کی مزید وضاحت حسبِ موقع کی جائے گی — اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

● زیرِ مطالعہ کلمہ "آل" (چاہے "اھل" سے ہے یا "اول" سے) کے متعدد معنی ہیں: مثلاً "پہاڑ کے اطراف و جوانب، سراب (خصوصاً صبح کے وقت والا)، خیمہ کا ستون وغیرہ۔ تاہم زیادہ تر یہ لفظ "اھل" ہی کے ہم معنی یا قریب المعنی استعمال ہوتا ہے اور قرآن کریم میں یہ لفظ (۲۶ جگہ آیا ہے اور عموماً ہر جگہ) اسی (اھل والے) معنی میں استعمال ہوا ہے۔

● البتہ "آل" اور "اھل" کے معنی اور استعمال میں کچھ فرق ہے مثلاً (۱) "آل" اور "اھل" دونوں کے معنی میں "گھر والے اور اولاد" شامل ہیں تاہم آل بمعنی "اولاد" (یا گھر والے) صرف بڑے آدمیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے معمولی حیثیت کے آدمیوں کی اولاد کے لیے "آل" کا لفظ استعمال نہیں کیا جاتا مثلاً "آل السلطان" یا "آل الملك" کہہ سکتے ہیں مگر "آلُ الخیاط" (درزی کی آل) یا "آلُ الإسکاف" (موچی کی آل) کہنا درست نہیں۔ جب کہ "اھل" (بمعنی گھر والے) کا لفظ دونوں طرح کے لوگوں کے لیے استعمال ہوسکتا ہے یعنی "اھلُ السلطان" اور "اھلُ الإسکاف" دونوں استعمال درست ہیں (۲) "آل" کے لفظ میں کسی بڑے آدمی کی اولاد کے علاوہ اس کے پیروکار اور متبعین بھی شامل ہوتے

---

[۱] دیکھیے البیان لابن الانباری ج ۱ ص ۸۱، القاموس تحت مادہ "اھل" و "اول" مفردات راغب تحت کلمہ "آل" نیز اعراب القرآن للنحاس ج ۱ ص ۲۲۳۔

ہیں جب کہ "اھـل" کا استعمال عموماً "گھر والوں" یا "ساتھ رہنے والوں" پر ہوتا ہے۔ ایک نسب ایک دین یا ایک مسکن اور وطن یا کوئی کاریگری سے تعلق رکھنے والے لوگ اس نسب یا دین یا شہر یا ہنر وغیرہ کے "اَھـل" کہلاتے ہیں مگر اس کی "آل" نہیں کہلاتے۔

(۳) بلحاظ استعمال لفظ "آل" ہمیشہ اَعلام الناطقین (صرف انسانوں کے لیے مستعمل اسماء معرفہ) کی طرف مضاف ہوتا ہے کسی اسم نکرہ یا کسی جگہ یا زمانہ کی طرف مضاف نہیں ہوتا جب کہ لفظ "اَھل" سب کی طرف مضاف ہو سکتا ہے مثلاً "آل الرجل" کہنا درست مگر "آل رجلٍ" کہنا غلط ہے۔ جبکہ "اھـل الرجل" اور "اھـل رجلٍ" دونوں طرح درست ہے۔ اسی طرح "اھـل مکـۃَ" یا "اھل العصر" (ایک ہی زمانہ والے) کہنا درست مگر "آل مکـۃ" یا "آل العصـر" کہنا غلط ہے۔

(۴) "آل" سے مراد کسی بڑے انسان سے خصوصی تعلق (محض سرسری اور زبانی نہیں) رکھنے والے لوگ ہوتے ہیں وہ تعلق قرابت کا بھی ہو سکتا ہے اور دین و شریعت میں اتباع کا بھی ــــ راغب اصفہانی نے (المفردات میں) لفظ "آل" کے معنی کی وضاحت کے لیے امام جعفر صادقؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ایک دفعہ ان سے کسی نے پوچھا کہ لوگ کہتے ہیں کہ تمام مسلمان آلِ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں تو انہوں نے جواب دیا یہ بات سچ بھی ہے اور جھوٹ بھی۔ سائل نے اس کی وضاحت چاہی تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ جھوٹ اس لحاظ سے ہے کہ (آل بمعنی بڑے آدمی کے اقارب و اولاد لیں تو) ساری امّت آلِ محمدؐ نہیں ہے اور سچ اس لیے ہے کہ امّت کے جو لوگ بھی شرائطِ شریعت پر پورے اترتے ہیں وہ آلِ محمدؐ یا آلِ النبیؐ ہیں۔

● زیرِ مطالعہ مرکب (من آل فرعون) کا تیسرا وضاحت طلب لفظ "فِرْعَوْن" ہے۔ یہ ایک عجمی (غیر عربی) لفظ ہے اس لیے اس کے مادہ اور وزن کی بحث بے کار ہے اور اسی لیے یہ لفظ غیر منصرف ہے یعنی علمیت اور عجمیت کے جمع ہونے کی بناء پر۔ اگرچہ کسی بھی عربی ڈکشنری میں آپ کو اس لفظ کا بیان مادہ "ف ر ع" کے آخر پر ہی ملے گا۔ (ترتیب حروف کی بناء پر) اور جدید عربی میں تو اس سے رباعی مجرد کا فعل بھی "فَرْعَنَ يُفَرْعِنُ فَرْعَنـةً" بمعنی "متکبر و سرکش یا فرعون مزاج ہونا" استعمال کر لیتے ہیں۔

● لفظ "فرعون" مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب ہوتا تھا۔ جیسے ایران کے بادشاہ کو "کِسریٰ" اور رومیوں کے بادشاہ کو "قیصر" کہا جاتا تھا۔ یہ دراصل قدیم مصری (قبطی) زبان کا لفظ ہے۔ جو المعجم الوسیط کے مؤلفین کے مطابق دراصل "پَرْعَوْ" (بغیر نون) تھا اور اس کا مطلب "عظیم گھرانہ" ہے۔ ابن الانباری (البیان) میں "القاموس" اور اقرب الموارد کے مطابق اس کے لفظی معنی "مگرمچھ" ہیں انگریزی

میں اس کا عبرانی تلفظ (جو دراصل قبطی ہی تھا) Pharaoh رائج ہے۔ مد القاموس میں لین (W. Lane) نے اس کا اصل عبرانی ہجا بھی لکھا ہے بعض نے اسے آرامی الاصل لفظ کہا ہے اور اس کی اصل آرامی شکل بحروف لاتینی (Feroun) لکھی ہے[1] اور یہ اس کی عربی شکل (فِرعَون) سے زیادہ مشابہ ہے۔ عربی میں ہر متکبر اور سرکش کو بھی مجازاً فرعون کہتے ہیں۔

● زیرِ مطالعہ عبارت میں یہ کلمہ (فرعون) بطور لقب (شاہ مصر) استعمال ہوا ہے اس لیے اس کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ اور چونکہ "آل" کے معنی بھی کسی "بڑی شخصیت کے قریبی متعلقین اور متبعین" ہوتے ہیں اسی لیے یہاں "من آلِ فرعون" کا ترجمہ "قومِ فرعون سے، فرعون کی قوم سے، فرعون کے لوگوں سے متعلقین فرعون سے فرعون والوں سے" کیا گیا ہے بعض نے "آلِ فرعون سے" ہی رہنے دیا ہے جب کہ بعض حضرات نے "فرعونیوں سے" کر لیا ہے۔

۲: ۳۲: ۱ (۳) [يَسُوْمُوْنَكُمْ] کی آخری ضمیر منصوب متصل "کُمْ" بمعنی "تم کو" ہے۔

اور "يَسُوْمُوْنَ" کا مادہ "س و م" اور وزن اصلی "يَفْعُلُوْنَ" ہے۔ اصلی شکل "يَسْوُمُوْنَ" تھی جس میں واو کا ضمہ (ـُ) ماقبل ساکن (س) کو دے دیا جاتا ہے اور یوں یہ لفظ بصورت موجودہ (یسومون) لکھا اور بولا جاتا ہے اب اس کا (موجودہ) وزن "يَفُوعُون" رہ گیا ہے۔

● اس مادہ سے فعل مجرد "سام یسوم سَوْمًا" (باب نصر سے) بطور فعل لازم و متعدی (دونوں طرح) متعدد معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ صاحب المفردات (راغب اصفہانی) کے مطابق اس کی اصل (بنیادی معنی) "جانا (ذھاب) اور تلاش کرنا (ابتغاء)" ہے اور اس کے تمام معانی میں یہ دونوں یا ان میں سے ایک مفہوم ضرور موجود ہوتا ہے۔

● بطور فعل لازم اس کے کئی معنی ہیں مثلاً "جدھر منہ آئے چلے جانا" "کسی چیز کی تلاش میں نکلنا" "مویشیوں کا کھلے جہاں جی چاہے چرتے پھرنا" (ہوا یا اونٹ کا) چلتے رہنا" وغیرہ۔

● اسی طرح بطور فعل متعدی بھی اس کے متعدد استعمال ہیں۔ عموماً تو اس کے ساتھ ایک مفعول آتا ہے (اور وہ بھی زیادہ تر بنفسہٖ ہو کر) مثلاً (۱) "سَامَ الشَّيْءَ" کے معنی ہیں "اس (چیز) پر بکا رہا اور اسے نہ چھوڑا" ـــ اور (۲) "سَامَ الإبِلَ" کا مطلب ہے "اس نے اونٹوں (وغیرہ) کو چراگاہ میں چرنے کے لیے چھوڑ دیا" ـــ اور (۳) سَامَ (البائع او المشتری) السلعةَ او بالسلعةِ" کا مطلب ہے (دکاندار یا گاہک نے) سامان تجارت کی قیمت بتائی یا پوچھی (سلعة = مال یا سامان)

---

[1] غرائب اللغة العربیة (رفائیل نخلہ) ص ۱۹۸

● اور کبھی یہ فعل (بطور متعدی) دو مفعول کے ساتھ استعمال ہوتا ہے اور دونوں مفعول بنفسہ (منصوب) آتے ہیں مثلاً (۱) سامَ فلانًا الامرَ' کے معنی ہیں" اس نے اسے (اس) معاملہ یا حکم کا پابند کر دیا ۔۔۔ اور (۲) "سَامَ الرجلَ ذلاًّ او ھَوانًا او خَسفًا" کا مطلب ہے" اس نے آدمی کے لیے ذلت یا عاجزی یا خواری کا ارادہ کیا'۔۔۔ یا" اس نے اس (آدمی) پر ذلت و عاجزی مسلط کی"۔

● قرآن کریم میں یہ فعل مجرد صرف مندرجہ بالا آخر الذکر معنی میں (اور دو مفعول کے ساتھ) استعمال ہوا ہے۔ باقی استعمالات (جن کا اوپر ذکر ہوا ہے) قرآن کریم میں نہیں آتے۔ اور مستعمل فعل مجرد کے بھی مضارع کے صرف دو ہی صیغے ("یسُوم" اور" یسومون") کل چار جگہ آئے ہیں۔ اور مزید فیہ سے صرف بابِ افعال سے ایک صیغۂ فعل صرف ایک جگہ (النحل: ۱۰) وارد ہوا ہے۔ اس کے علاوہ مجرد و مزید فیہ سے بعض جامد اور مشتق اسماء (مسوّمۃ ۔ مسوّمین ۔ سیما وغیرہ) بھی دس جگہ آئے ہیں۔

● زیر مطالعہ جملہ (یَسُومُونکم) کا صیغۂ فعل" یسُومُون" اس فعل مجرد سے مضارع معروف کا صیغہ جمع مذکر غائب ہے۔ شروع آیت والے" وإذ" سے (یعنی ایک قصۂ ماضی سے) کا متعلق ہونے کی بنا پر یہاں اس فعل مضارع کا ترجمہ فعل ماضی بلکہ ماضی استمراری کی طرح کرنا پڑے گا۔ یہاں فعل (یسومون) کے ساتھ ایک مفعول تو (کُمْ) ہے دوسرا مفعول آگے آ رہا ہے اس پر مزید بات تو حصہ" الاعراب" میں ہوگی۔ تاہم فعل" سَامَ یسُوم" کے مندرجہ بالا معانی (یعنی کسی کے لیے ذلت و خواری کا ارادہ کرنا یا اس پر ذلت وغیرہ مسلط کرنا) اور آگے بیان ہونے والے دوسرے مفعول (سوء العذاب) کو ملحوظ رکھتے ہوئے اردو مترجمین نے یہاں" یسُومُونکم ..." کا بامحاورہ ترجمہ: "پہنچاتے تھے تم کو" ۔ "دیتے تھے تم کو" ۔۔ "کرتے تھے تم پر" ۔۔ "توڑ رہے تھے تمہارے اوپر" ... سے کیا ہے۔ جب کہ بعض نے غالباً اس فعل (سام یسوم) کے اصل بنیادی مفہوم (جانا اور تلاش کرنا) کو سامنے رکھتے ہوئے اس (یسومونکم ....) کا ترجمہ" وہ فکر میں لگے رہتے تھے تمہاری (اذیت) کے" کی صورت میں بھی کر دیا ہے۔

● ظاہر ہے کہ" پہنچانا' دینا' توڑنا اور کرنا" وغیرہ سام یسوم کا لفظی ترجمہ نہیں ہے بلکہ اردو محاورے کے مطابق ہی درست ہے۔ اصل مفہوم تو یہی بنتا ہے کہ ۔ وہ تمہارے لیے" سوء العذاب" (جس پر ابھی آگے بات ہوگی) کی تلاش میں رہتے تھے۔ مندرجہ بالا آخری ترجمہ کی بنیاد یہی مفہوم ہے۔

<u>۲ : ۳۲ : ۱ (۴)</u> [سُوْءَ الْعَذَابِ] یہ مرکب (اضافی) دو کلمات یعنی" سوء" اور" العذاب" پر مشتمل ہے۔ پہلے ہر ایک کلمہ کی الگ الگ لغوی وضاحت کی جاتی ہے:

["سُوْءَ"] (جو عبارت میں منصوب اور خفیف آیا ہے جس کی وجہ" الاعراب" میں بیان ہوگی) کا مادہ" س

و، اور وزن "فُعْلٌ" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد "سَاءَ یَسُوءُ سَوْءًا" (دراصل سَوَءَ یَسْوُءُ) باب نصر سے آتا ہے اور بطور فعل لازم و متعدی (دونوں طرح) مختلف معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً (۱) (بطور لازم) اس کے معنی ہیں "برا یا قبیح ہونا" مثلاً کہیں گے "سَاءَ الشَّیْءُ" (یعنی وہ چیز بری ہو گئی یا اس میں برائی ظاہر ہوئی)۔ اور (۲) "سَاءَہٗ" (متعدی) کے معنی ہیں "اس نے اس کو غمگین کیا۔ وہ اسے برا لگا۔ اس کے ساتھ ناپسندیدہ سلوک کیا اس کو بگاڑ دیا" متعدی استعمال میں بعض دفعہ اس فعل پر "ب" کا صلہ بھی آتا ہے مثلاً "سَاءَ بِہٖ ظَنًّا" (وہ اسے برا لگا بلحاظ گمان کے یعنی اس نے اس کے بارے میں برا گمان رکھا) کبھی "سَاءَ" فعل ذم "بِئْسَ" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

● قرآن کریم میں اس فعل مجرد سے "لازم" والے معنوں میں مختلف صیغے ۲۳ جگہ آئے ہیں اور بطور فعل متعدی مختلف صیغے، جگہ آئے ہیں، جن میں سے تین جگہ یہ بصیغۂ مجہول بھی استعمال ہوا ہے اور کم از کم دو جگہ یہ "ب" کے صلہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔ اور مزید فیہ کے بابِ افعال کے صیغے کل پانچ دفعہ آئے ہیں۔ افعال کے علاوہ اس مادہ سے ماخوذ اور مشتق مختلف اسماء اور مصادر مختلف صورتوں (مفرد مرکب معرفہ نکرہ وغیرہ) میں ۱۳۰ سے زیادہ مقامات پر وارد ہوئے ہیں۔ ان سب پر حسبِ موقع بات ہو گی۔ إن شاء اللہ۔

● زیرِ مطالعہ کلمہ "سُوْءٌ" اس فعل (ساء یسوء) سے اسم ہے اور اس کے بنیادی مصدری معنی "برائی" ہیں کبھی بطور صفت بمعنی "برا" بھی استعمال ہوتا ہے۔ اور یہ دینی، دنیاوی، اخلاقی، مالی معاشی ہر قسم کی برائی کو شامل ہے اس لیے اس کا ترجمہ ضرر، فساد، عیب، بیماری ہلاکت، شرارت، شر، نقصان وغیرہ بھی کیا جاتا ہے۔ یہ لفظ (سُوْء) قرآن کریم میں مختلف صورتوں (مفرد مرکب معرفہ نکرہ وغیرہ) میں پچاس دفعہ آیا ہے۔ اور ہر جگہ یہ "برائی" کے (مصدری) معنی میں ہی استعمال ہوا ہے۔

● اسی مادہ سے ایک اور لفظ "سَوْءٌ" (بفتح السین) بھی "سُوْءٌ" سے ملتے جلتے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ ان دونوں لفظوں (سُوْءٌ اور سَوْءٌ) کے باہمی فرق کو آگے چل کر کلمہ "سَوْءٌ" کے ضمن میں (التوبۃ: ۹۸) بیان کریں گے۔ إن شاء اللہ۔

کلمہ "اَلْعَذَاب" کے مادہ، وزن، فعل مجرد وغیرہ پر البقرہ: [۲: ۶: ۱(۶)] میں بات ہو چکی ہے لفظ عذاب خود اردو میں اپنے اصل عربی معنی کے ساتھ مستعمل ہے اور بعض دفعہ اس کا ترجمہ "دکھ، سزا اور تکلیف" سے بھی کر لیا جاتا ہے۔

● اس طرح زیرِ مطالعہ مرکب اضافی "سوء العذاب" کا ترجمہ تو بنتا ہے "عذاب کی برائی" یا "عذاب کا برا" اور یہ اضافت شدت یا سختی کے بیان کے لیے ہے ورنہ "عذاب" تو بذاتِ خود "برا" ہی ہوتا

ہے۔اس طرح "سوء العذاب" کا مطلب "بہت برا عذاب" ہے جسے اُردو مترجمین نے "برے عذاب' برا عذاب' بری تکلیف یا تکلیفیں" کی صورت میں ترجمہ کیا ہے اور بعض نے شدت والے مفہوم کو سامنے رکھتے ہوئے "بڑا عذاب' بری مار' بڑی تکلیف اور بڑا دکھ" سے اور بعض نے "سخت آزاری" سے بھی ترجمہ کر دیا ہے۔ اصل عبارت میں "بڑا" کے لیے کوئی لفظ نہیں ہے یہ مفہوم صرف "سوء" اور "عذاب" کی اضافت سے پیدا ہوتا ہے۔ قرآن کریم میں یہ ترکیب (سوء العذاب) آٹھ جگہ استعمال ہوئی ہے۔

۲:۳۲:۱(۵) [يُذَبِّحُوْنَ] کا مادہ "ذ ب ح" اور وزن "يُفَعِّلُوْنَ" ہے اس مادہ سے فعل مجرد ذبَحَ .... يَذْبَحُ ذَبْحًا (باب فتح) کے بنیادی معنی تو ہیں "... کا گلا کاٹ دینا" اور چونکہ لفظ "ذبح" اردو میں مستعمل ہے اس لیے اس کا ترجمہ "... کو ذبح کرنا" بھی کیا جا سکتا ہے۔ "علیٰ" کے صلہ کے ساتھ اس کے معنی "... پر قربانی دینا یعنی نیاز چڑھانا" ہے (جو غیر اللہ کے لیے قطعاً حرام ہے) اور ان ہی معنی کے لیے قرآن میں آیا ہے: وما ذبح علی النصب (المائدہ:۳) یعنی (اور اس کا کھانا بھی حرام ہے) جو استھانوں پر نیاز چڑھایا گیا۔ ڈکشنری میں آپ کو اس فعل کے کچھ اور معانی بھی ملیں گے مگر وہ قرآن کریم میں مستعمل نہیں ہوتے۔

● قرآن مجید میں اس فعل مجرد سے پانچ مختلف صیغے پانچ ہی جگہ آئے ہیں ان میں سے صرف ایک جگہ ہی "علیٰ" کے صلہ کے ساتھ آیا ہے۔ مجرد کے علاوہ مزید فیہ کے باب تفعیل سے مختلف صیغے کل ۳ جگہ آئے ہیں۔

● زیر مطالعہ لفظ "یذبحون" اس مادہ سے باب تفعیل کا فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب ہے۔اس باب سے فعل ذَبَّحَ .... يُذَبِّحُ تَذْبِيحًا کے معنی ہیں "... کے گلے بکثرت یا بشدت کاٹنا" یکے بعد دیگرے' کثرت سے اور پوری طرح کاٹتے چلے جانا۔ اردو مترجمین میں سے اکثر نے اس کا ترجمہ "ذبح کرتے تھے" ہی کیا ہے (یہاں بھی فعل مضارع بمعنی ماضی استمراری اسی ابتدائی "وإذ" کی وجہ سے ہے) بعض نے "گلے کاٹتے تھے" بعض نے "قتل کر ڈالتے تھے" اور بعض نے "حلال کرتے تھے" بھی کیا ہے یہ آخری ترجمہ "ذبح شرعی یعنی حلال کرنا" سے لے لیا گیا ہے جو ظاہر ہے یہاں غیر موزوں ہے۔

۲:۳۲:۱(۶) [اَبْنَآءَكُمْ] کی آخری ضمیر مجرور (کُمْ) تو بمعنی "تمہارے" ہے اور "اَبْنَاءَ" (جو یہاں عبارت میں منصوب آیا ہے) کا مادہ "ب ن ی" (اور بقول بعض "ب ن و") ہے اس کا وزن "اَفْعَالٌ" ہے۔ یہ لفظ "اِبْنٌ" کی جمع مکسر ہے۔ "ابن" کے مادہ' فعل وغیرہ اور اس کی ساخت اور بناوٹ (لغوی) پر البقرہ:۴۰ [۲:۲۸:۱(۱)] میں مفصل بحث گزر چکی ہے۔ قرآن کریم میں لفظ ابن کی جمع سالم (بنون)

بھی مختلف صورتوں میں (مفرد مرکب معرفہ نکرہ وغیرہ) ستر سے زیادہ مقامات پر آئی ہے اور "ابناء" (جمع مکسر) کی مختلف صورتیں ۲۸ جگہ آئی ہیں۔ اس طرح "اَبْنَاءَكُم" کا یہاں ترجمہ: "تمہارے بیٹوں کو" یا "تمہارے بیٹے" (اردو فعل کی مناسبت سے "کو" کے بغیر) بنتا ہے۔ جسے بعض مترجمین نے "تمہارے لڑکوں کو" اور بعض نے "تمہاری اولاد ذکور کو" سے ترجمہ کیا ہے جو اصل سے بھی زیادہ بھاری بھرکم ترجمہ ہے۔

۲ : ۳۲ : ۱ (۷) [وَيَسْتَحْيُوْنَ] میں ابتدائی "وَ" تو عاطفہ بمعنی "اور" ہے اور فعل "يَسْتَحْيُوْنَ" کا مادہ "ح ی ی" (اور بقول بعض "ح ی و") اور وزن "يَسْتَفْعِلُوْنَ" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد کے باب، معنی وغیرہ پر البقرہ: ۲۶ [۲ : ۱۹ : ۱ (۱)] میں بات ہوئی تھی۔

● زیر مطالعہ لفظ (یستحیون) اس مادہ سے باب استفعال کا فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب ہے جس کی اصلی شکل یستحییُوْنَ یا يَسْتَحْيِيُوْنَ تھی۔ پھر واو الجمع سے پہلے والی "و" یا "ی" (یعنی ناقص کا لام کلمہ) ساقط کر کے اس سے پہلے (عین کلمہ) کی حرکت کسرہ کو ضمہ (ـُـ) میں بدل کر لکھا اور بولا جاتا ہے اس باب سے فعل "اِسْتَحْيٰ يَسْتَحْيِيْ اسْتِحْيَاء" قرآن کریم میں دو معنی میں استعمال ہوا ہے (۱) کسی بات یا شخص سے شرم کرنا، جھینپنا یا عار محسوس کرنا اور (۲) زندہ رہنے دینا، باقی چھوڑنا۔ قرآن کریم میں اس باب سے فعل کے مختلف صیغے نو جگہ آئے ہیں۔ اور معنی کا تعین سیاق عبارت سے ہو سکتا ہے۔ اس فعل کی بھی مزید وضاحت [۲ : ۱۹ : ۱ (۱)] میں کی جا چکی ہے۔

● زیر مطالعہ عبارت میں "یستحیون" "زندہ رہنے دینا" والے معنی میں استعمال ہوا ہے اس لیے مختلف مترجمین نے اس کا ترجمہ "جیتا رکھتے تھے، جیتی رکھتے تھے، زندہ چھوڑتے یا چھوڑ دیتے تھے، زندہ رہنے دیتے تھے، زندہ رکھتے تھے، جیتا چھوڑ دیتے تھے" تمام تراجم درست اور یکساں مفہوم والے ہیں۔ خیال رہے یہاں بھی فعل مضارع کا ترجمہ بصیغہ ماضی استمراری کرنے کی وجہ بھی (شروع آیت والا) "وَاِذْ" ہے۔

۲ : ۳۲ : ۱ (۸) [نِسَاءَكُمْ] جو نِسَاء + كُمْ (تمہاری) کا مرکب ہے لفظ "نِسَاءٌ" (جو آیت میں منصوب ہے وجہ نصب کے لیے "الاعراب" دیکھئے) کا مادہ "ن س و" اور وزن "فِعَالٌ" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد "نَسَا يَنْسُو نَسْوَةً" (نصر سے) آتا ہے اور اس کے معنی ہیں: "... پر عمل چھوڑ دینا، ... کو بلحاظ عمل ترک کر دینا" عربی میں اس (واوی) مادہ سے صرف فعل مجرد اور مزید فیہ کا باب افعال استعمال ہوتا ہے (اور وہ بھی شاذ)۔ قرآن کریم میں اس سے کوئی صیغہ فعل کہیں استعمال نہیں ہوا۔

● لفظ "نِسَاءٌ" (جو دراصل "نِسَاوٌ" تھا) اِمْرَاَةٌ (عورت) کی جمع مکسر ہے جو اصل مادہ (م ر ء) سے بالکل ہٹ کر ہے۔ اس کی ایک اور جمع مکسر "نِسْوَةٌ" بھی ہے۔ اور یہ دونوں جمعیں قرآن کریم میں متعدد

بار (نساء، ۵۷ دفعہ اور نسوۃ کل دو دفعہ) استعمال ہوئی ہیں۔ ڈکشنریوں میں آپ کو اس کی کچھ اور جمع مکسر بھی ملے گی۔ مگر وہ قرآن مجید میں کہیں نہیں آئی۔

● اردو میں "نساءکم" کا ترجمہ (یہاں) "تمہاری عورتوں کو" ہی ہو سکتا ہے (اور اکثر نے یہی ترجمہ کیا ہے تاہم بعض حضرات نے اس چیز کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ اس سے پہلے "ابناءکم" "تمہارے بیٹے" آیا ہے (رجالکم۔ "تمہارے مرد" نہیں آیا)، تو اس لیے یہاں یہ بیٹوں کے مقابل کا لفظ ہے لہٰذا انہوں نے اس کا ترجمہ "تمہاری بیٹیوں کو" سے ترجمہ کیا ہے۔ خیال رہے کہ عربی میں لفظ "نساء" "عورتوں، بیویوں اور بیٹیوں" سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ خود قرآن کریم میں یہ لفظ ان تینوں معنی میں استعمال ہوا ہے۔ صحیح معنیٔ مراد کا تعین عموماً سیاق عبارت سے ہو جاتا ہے۔

[وَفِي ذٰلِكُمْ] "ذلکم" دراصل "ذلك" ہی ہے۔ بعید کے اسماء اشارہ (دیکھئے [۲:۱:۱(۱)]) کے ساتھ کاف خطاب استعمال ہوتا ہے یعنی "ذلك، ذلکما، ذلکم، ذلكِ، ذٰلِكُنَّ" یہ سب "ذلك" ہی کے معنی میں ہیں اسی طرح "تِلْكَ، تلکما، تلکم... وغیرہ بھی استعمال ہوتے ہیں اس سے صرف اتنا پتہ چلتا ہے کہ ہم کسی سے مخاطب ہو کر بات کر رہے ہیں۔ (اور اسی لیے اسے کافِ خطاب کہتے ہیں یہ ضمیر مخاطب نہیں ہوتی)۔ اس طرح یہاں وَ (اور) + فِي (میں) + ذلکم (وہ، اس) کا لفظی اردو ترجمہ "اور اُس میں" ہی بنتا ہے۔ جسے بعض نے "اور اس واقعہ میں" کی صورت میں ترجمہ کیا ہے جسے تفسیری ترجمہ ہی کہہ سکتے ہیں بعض نے اس کا ترجمہ صرف "اور یہ" (سخت امتحان تھا) کر دیا ہے جو الفاظِ عبارت اور ترکیب نحوی دونوں کے لحاظ سے محل نظر ہے۔

۲:۳۲:۱(۹) [بَلَاءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ] جس کی سادہ نثر (Paraphrasing) "بَلَاءٌ عظیم من ربکم" بنتی ہے اس میں زیادہ وضاحت طلب لفظ "بَلَاءٌ" ہی ہے۔ اس لیے کہ مِنْ (کی طرف سے) کے استعمال کی وضاحت ۲:۲:۱(۵) میں اور "رَبِّكُمْ" (تمہارا رب) کے کلمہ "ربّ" کے معانی وغیرہ ۱:۲:۱(۳) میں گزر چکے ہیں۔ اسی طرح لفظ "عظیم" (بہت بڑا) کی مفصل لغوی بحث البقرہ؛ ۷ [۲:۶:۱(۷)] میں ہو چکی ہے۔

● لفظ "بَلَاءٌ" کا مادہ "ب ل و" اور وزن "فَعَالٌ" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد "بلا... يَبْلُو بَلَاءً" (نصر سے) آتا ہے اور اس کے بنیادی معنی "(کسی کا) امتحان لینا، آزمائش کرنا یا آزمائش میں ڈالنا" ہیں۔ یہ فعل بطور متعدی اور مفعول بنفسہٖ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے "بَلَوْنَاهُمْ"۔ "ہم نے ان کو آزمایا" (الاعراف: ۱۶۸ و القلم: ۱۷) میں آیا ہے۔ اسی سے یہ فعل بعض دفعہ "ٹھونک بجا کر دیکھ لینا" یا "کسی شے کی اصل حقیقت پہچان لینا" کے معنی بھی دیتا ہے مثلاً (یونس: ۳۰) اسی مادہ سے "باب سمع" کا فعل

بَلِیَ یَبْلَی بِلًی" بوسیدہ ہونا یا مٹ جانا" کے معنی میں بھی آتا ہے تاہم یہ دوسرا فعل" یائی اللام" (ب ل ی) سے ہے۔ اگرچہ واوی بھی باب سمع میں تو یائی ہی ہو کر استعمال ہوتا ہے جیسے رَضِوَ سے رَضِیَ ہو جاتا ہے

● عام ڈکشنریوں (مثلاً المنجد) میں یہ دونوں مادے (بلو اور بلی) فعل مجرد کی حد تک الگ الگ بیان ہوتے ہیں۔ تاہم مزید فیہ (افعال، اِفتعال وغیرہ) سے آنے والے افعال یائی اللام مادہ (ب ل ی) کے تحت ہی لکھے جاتے ہیں۔ صاحب القاموس (الفیروز آبادی) جنہوں نے تمام ناقص مادوں کے لیے ایک ہی" باب الواو والیاء" اختیار کیا ہے اور ہر جگہ واوی اللام یا یائی اللام کی تمیز کی ہے۔ عجیب بات ہے کہ انہوں نے صرف یائی (بلی) مادہ کو ہی لیا ہے اور" بلا یبلو" کو بھی اسی مادہ سے بیان کیا ہے اور المفردات (راغب) میں بھی اس کی واوی یائی سب صورتوں کو اسی (بلی) کے عنوان کے تحت ہی بیان کیا گیا ہے اسے تسامح ہی کہا جا سکتا ہے۔ اس لیے کہ بابِ سمع اور مزید فیہ ابواب کی حد تک تو چلئے یہ بات قابلِ فہم ہے مگر صرف قرآن کریم میں ہی فعل مجرد" بلا یبلو" سے مختلف ایسے صیغہ ہائے فعل بیسیوں جگہ آئے ہیں جن میں" و" اپنی اصل شکل میں برقرار ہے۔

● قرآن کریم میں فعل مجرد (بلا یبلو) کے علاوہ بابِ سمع سے بھی ایک صیغہ فعل آیا ہے اور اس کے علاوہ بابِ افعال سے ایک صیغہ، بابِ افتعال سے آٹھ صیغے فعل کے اور دو صیغے اسم مشتق کے آئے ہیں۔ مؤخر الذکر افعال (باب سمع۔ افعال اور افتعال) کو یائی اللام ہی سمجھا جا سکتا ہے مگر نصر ینصر سے استعمال ہونے والا فعل (بلا یبلو) یقیناً واوی اللام ہی ہے۔

● لفظ" بلاءٌ" اس فعل مجرد (بلا یبلو) سے مصدر بھی ہے اور اسم بھی۔ بلکہ یہ بَلِیَ یبلیٰ" کا بھی مصدر ہے اس طرح اس کے معنی" آزمانا یا آزمائش" بھی ہے اور" بوسیدگی" بھی ہو سکتا ہے (اگرچہ اس معنی کے لیے خاص الگ مصدر" بِلًی" زیادہ استعمال ہوتا ہے)۔ ان بنیادی معنی سے ہی لفظ" بلاء" غم، حزن، رنج، محنت، مشقت کے معنی بھی دیتا ہے اور اپنے بنیادی معنی" آزمائش" اور" امتحان" کی بنا پر یہ بعض دفعہ" انعام" کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس لیے کہ آزمائش اور امتحان" مصیبت" کی شکل میں بھی ہوتا ہے اور" نعمت" کی شکل میں بھی جس سے بندے کے" صبر" یا" شکر" کا امتحان مقصود ہوتا ہے بلکہ " مِنْحَۃٌ" (نعمت) کو اسی لیے" اعظم البلائین" (دو میں سے بڑی آزمائش) کہا گیا ہے۔ اس طرح اپنے" بلاء" اپنے مقصد یا انجام کے لحاظ سے" بلاءٌ حسنٌ" (اچھی آزمائش) بھی ہوتی ہے اور " بلاءٌ سَیِّئٌ" (بری آزمائش) بھی۔

● آیتِ زیرِ مطالعہ میں چونکہ بنی اسرائیل پر فرعون کے مظالم کا ذکر ہے اس لیے اکثر مترجمین نے

یہاں "بلاء من ربکم عظیم" کا ترجمہ "تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بڑی آزمائش رہا تھا/ امتحان/ بڑی بلا/ سخت آزمائش" بھی سے ہی کیا ہے۔ لیکن شروع آیت "واذ نجّیناکم من اٰل فرعون" (ہم تم کو آل فرعون سے نجات دلائی) میں ابتداءً ذکر اُن مصائب سے نجات کا ہے اس لیے بعض مترجمین نے "وفی ذلکم" میں اشارہ اسی "نجّیناکم" کی طرف سمجھتے ہوئے یہاں "بلاء عظیم" کا ترجمہ "بڑا انعام" ہی کیا ہے" یعنی تم کو آل فرعون کے مظالم سے نجات ملنا ایک عظیم نعمت تھی اور غالباً اسی لیے شاہ عبدالقادرؒ نے یہاں اصل الفاظ سے ہٹ کر "وفی ذلکم بلاء من ربکم عظیم" کا تفسیری ترجمہ اور اس میں مدد ہوئی تمہارے رب کی طرف سے بڑی" کی صورت میں کیا ہے۔ جس میں وہی "انعام" والا مفہوم موجود ہے۔ خیال رہے کہ لفظ "بلاء" قرآن کریم میں کچھ جگہ آیا ہے اور ان میں سے کئی جگہ اسے بمعنیٰ "انعام" کیا جا سکتا ہے[1]۔ اس لیے کہ اللہ کا انعام بھی ایک آزمائش ہوتا ہے۔

۲:۳۲:۱ (۱۰) [وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ] "وَاِذْ" (اور جب) کی لغوی نحوی وضاحت ابھی اوپر اسی قطعہ کے شروع میں [۲:۳۲:۱] میں ہو چکی ہے اور آخری "بِکُم" کا ترجمہ باء کو سببیہ سمجھتے ہوئے "تمہارے سبب سے" "تمہاری وجہ سے" ہو سکتا ہے یا "بِ" کو "لِ" کے معنی میں بھی لیا جا سکتا ہے یعنی "لکم" (تمہارے لیے)۔ اکثر مترجمین نے دو ترجمے کیے ہیں۔

اور [فَرَقْنَا] کا مادہ "ف ر ق" اور وزن "فَعَلْنَا" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد مختلف ابواب سے مختلف مصادر کے ساتھ مختلف معنی دیتا ہے مثلاً (۱) فرَق ..... یفرُق فرْقاً و فُرقاناً (نصر سے) کے معنی ہیں "... کو تقسیم کر دینا، .... کے کئی حصے کر دینا، جدا جدا کر دینا" مثلاً کہتے ہیں "فرَق الشیئَ" (اس نے چیز کے کئی حصے کر دیئے) اور "فرَق بینَ الشیئینِ" کا مطلب ہے "اس نے دو چیزوں کو باہم (ایک دوسری سے) ممتاز اور جدا کر دیا" اور "فرق بین الخصمین" کا مطلب ہے "اس نے دو فریقِ مقدمہ کے درمیان فیصلہ کر دیا" اور "فرق اللہُ الکتاب" کے معنی ہیں "اللہ نے کتاب کو واضح کر دیا" اور اسی سے ہے "وقرآناً فرقناہ" (الاسراء : ۱۰۶) (۲) اور "فرِق یفرَق فَرَقاً" (باب سمع سے) کے معنی ہیں "خائف ہونا، بہت گھبرا جانا، ڈر جانا اور اسی سے ہے "لکنّھم قوم یفرَقون" (التوبہ: ۵۶) (یعنی وہ ڈرپوک "جانے والے لوگ ہیں)۔ یہ فعل لازم ہے اور "جس سے ڈر گیا" کا ذکر کرنا ہو تو "مِنْ" استعمال ہوتا ہے کہیں گے "فرِق مِنہُ" (وہ اس سے گھبرا گیا)

● اس فعل مجرد کے مندرجہ بالا معانی تو قرآن کریم میں آئے ہیں۔ آپ کو ڈکشنری میں اس کے

---

[1] مثلاً الدخان: ۳۳ اس کی واضح مثال ہے۔

کئی ایسے معانی بھی مل سکتے ہیں جو غیر قرآنی ہیں۔ قرآن کریم میں اس فعل مجرد کے مختلف صیغے پانچ جگہ آئے ہیں۔ باب تفعیل سے مختلف صیغے ۹ جگہ، تفعل سے ۸ جگہ اور باب مفاعلہ سے صرف ایک ہی صیغہ آیا ہے اس کے علاوہ مختلف مصادر اور اسماء مشتقہ وغیرہ ۲۹ جگہ آئے ہیں۔

● زیر مطالعہ فعل "فرَقْنا" اس فعل مجرد سے ماضی معروف کا صیغہ جمع متکلم ہے۔ مندرجہ بالا معانی میں سے پہلے معنی (تقسیم کرنا، جدا جدا کرنا) کو ملحوظ رکھتے ہوئے مترجمین نے یہاں اس (فرقنا) کا ترجمہ "ہم نے پھاڑا/ چیرا/ شق کر دیا/ پھاڑ دیا کی موزوں ہی کیا ہے۔ یہاں یہ ترجمہ اگلے لفظ البحر (سمندر) کی مناسبت سے کیا گیا ہے جس کے لیے دوسری جگہ قرآن کریم میں لفظ (اسی قصہ کے ضمن میں) "فانفلق" (پس پھٹ گیا) آیا ہے۔ صاحب المفردات نے "فلَق" اور "فرَق" میں یہ تمیز کی ہے کہ لفظ "فلق" میں "انشقاق" (پھٹ جانا) کا لحاظ ہے اور "فرق" میں انفصال (جدا ہونا) کا۔ اگرچہ دونوں ہم معنی ہی ہیں۔

۲:۳۲:۱(۱۱) [البَحْرَ] کا مادہ "ب ح ر" اور وزن (لام تعریف نکال کر) "فَعْلٌ" ہے۔ آیت میں لفظ منصوب آیا ہے اس کی وجہ "الاعراب" میں بیان ہو گی)۔ اس مادہ سے فعل مجرد' باب فتح' اور' باب سمع' سے مختلف معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے مثلاً "بحر الارض' بحرًا" (فتح سے) کے معنی ہیں: اس نے زمین کو پھاڑا۔ اور "بحر الناقۃَ" (فتح سے) کے معنی ہیں "اس نے اونٹنی کا کان چیر دیا"۔ (ایسی اونٹنی کو ہی "بَحِیرۃ" کہتے تھے اس کا ذکر آگے (المائدۃ: ۱۰۳) آئے گا اور بحِر یبحَر بحَرًا (سمع سے) کے معنی ہیں "سمندر کو دیکھ کر ڈر جانا یا گھبراہٹ اور پریشانی کے باعث حیران رہ جانا" ــــ تاہم قرآن کریم میں اس سے کسی قسم کے فعل (مجرد یا مزید فیہ) کا کوئی صیغہ کہیں استعمال نہیں ہوا۔ بلکہ فعل مجرد تو عام عربی میں بھی شاذ ہی استعمال ہوتا ہے۔

● زیر مطالعہ لفظ (بحر) اس فعل مجرد سے مصدر بھی ہے اور اسم بھی۔ بطور اسم اس کا عام اُردو ترجمہ "سمندر" ہے۔ تاہم بیشتر مترجمین نے اس کا ترجمہ "دریا" ہی کیا ہے۔ اور عربی زبان میں بحر سے "بہت بڑا دریا" مراد لینے کی گنجائش ہے عربی زبان میں استعارۃً اور مجازاً "بحر" تیز رفتار اور "وسیع" کے معنی بھی دیتا ہے مثلاً "البحر من الخیل" (تیز رفتار گھوڑا) اور "البحر من الرجال" "وسیع العلم آدمی کو کہتے ہیں) تاہم قرآن کریم میں یہ استعمال کہیں نہیں آیا۔ بعض حضرات نے اس کا ترجمہ "دریائے شور" کیا ہے (یعنی کھاری دریا) اور یہ سمندر کے لیے فارسی لفظ ہے۔ برصغیر میں انگریزوں کے قانون فوجداری (Penal Code) کے اُردو ترجمہ (تعزیرات ہند) میں (جو غالباً ڈپٹی نذیر احمد نے کیا تھا) "عمر قید مع سمندر پار جلاوطنی" (سزا) کا ترجمہ "حبس دوام بعبور دریائے شور" کیا گیا تھا جسے عام طور پر "کالا پانی" کہا جاتا تھا۔ انگریز کے زمانے

میں ایسے قیدی عموماً خلیج بنگال کے جزائر انڈمیان اور نکوبار میں بھیجے جاتے تھے۔ غالباً اسی قانونی اصطلاح سے مترجم نے "دریائے شور" کے ساتھ ترجمہ کرنا مناسب سمجھا۔

● لفظ "البحر" (مفرد معرفہ) قرآن کریم میں ۳۳ جگہ آیا ہے۔ اس کا صیغہ تثنیہ ۵ جگہ اور جمع مکسر (بحار اور ابحر) بھی تین جگہ آئی ہے۔

۲ : ۳۲ : ۱ (۱۲) [فَاَنْجَیْنٰکُمْ] یہ "فَ" (پس، پھر) + اَنْجَیْنَا (جس پر ابھی بات ہوگی) + کُمْ (تم کو) کا مرکب ہے۔

"اَنْجَیْنَا" کا مادہ "ن ج و" اور وزن "اَفْعَلْنَا" ہے۔ یعنی یہ اس مادہ سے بابِ افعال کا صیغہ ماضی ہے بظاہر اسے "اَنْجَوْنَا" ہونا چاہیے تھا مگر ناقص افعال کے مزید فیہ میں "و" کو "ی" بدل کر لکھا اور بولا جاتا ہے۔ (یہی بات ابھی اوپر "نَجَّیْنَا" میں بھی ہوئی تھی)

● اس مادہ سے فعل مجرد (نجا ینجو) کے باب اور معنی وغیرہ پر ابھی اوپر [۲ : ۳۲ : ۱ (۱)] میں بات ہو چکی ہے۔

زیر مطالعہ لفظ (اَنْجَیْنَا) اسی مادہ سے بابِ افعال کا فعل ماضی صیغہ جمع متکلم (مع ضمیر تعظیم "نحن") ہے۔ اس باب سے فعل "انجی ... ینجی انجاءً" (دراصل اَنْجَوَ یُنْجِوُ اِنْجَاوًا) کے معنی ("نَجَّیْنَا" کی طرح) "... کو نجات دلانا، بچالینا" وغیرہ ہیں (دیکھئے اوپر ۲ : ۳۲ : ۱ (۱) میں)۔ عربی زبان میں یہ فعل بعض دیگر معانی (مثلاً اونچی جگہ پر آنا وغیرہ) بھی دیتا ہے مگر قرآن کریم میں یہ استعمال نہیں آیا — قرآن کریم میں اس باب (افعال) والے فعل کے مختلف صیغے ۲۲ جگہ آئے ہیں اور ہر جگہ یہ فعل مندرجہ بالا (نجات دلانا) والے معنی کے لیے ہی استعمال ہوا ہے۔ اردو مترجمین نے اس کا ترجمہ "ہم نے تم کو نجات دلائی / چھٹکارا دیا / بچالیا / بچا دیا / " سے کیا ہے۔ اکثر نے "نجات دلائی" ہی اختیار کیا ہے۔ لفظ "نجات" کی اصل عربی شکل وغیرہ بھی ۲ : ۳۲ : ۱ (۱) میں بیان ہو چکی ہے۔ بہرحال یہ لفظ اردو میں رائج ہے۔

۲ : ۳۲ : ۱ (۱۳) [وَاَغْرَقْنَا] میں "وَ" تو عاطفہ (بمعنی "اور") ہے۔ اور [اَغْرَقْنَا] کا مادہ "غ ر ق" اور وزن "اَفْعَلْنَا" ہے اس مادہ سے فعل مجرد "غَرِقَ یَغْرَقُ غَرَقًا" (باب سمع سے) آتا ہے اور اس کے بنیادی معنی تو "ڈوب جانا / ڈوب کر مرنا یا مرنے کے قریب ہونا" ہیں مثلاً کہتے ہیں۔ "غرِق فی الماء" (وہ پانی میں ڈوب مرا) یا "غرِقتِ السفینۃُ" (کشتی ڈوب گئی)۔ اس کے علاوہ یہ فعل اس باب (سمع) سے اور "نصر" سے بھی بعض دیگر معانی (مثلاً برباد کرنا، گڑبڑ کر دینا وغیرہ) کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے تاہم قرآن کریم میں اس مادہ سے فعل مجرد کا کوئی صیغہ (کسی معنی کے لیے بھی) وار

نہیں ہوا۔ البتہ فعل مجرد کا مصدر ایک جگہ (یونس : ۹۰) آیا ہے۔

● زیر مطالعہ لفظ (اَغرقنا) بابِ افعال کا فعل ماضی صیغۂ تعظیم (جمع متکلم) ہے اس باب سے فعل "اَغرق ...... یُغرِق اِغراقًا" کے معنی ہیں "... کو ڈبو دینا، .... کو ڈبو کر ہلاک کرنا، ... کو غرق کرنا" (یعنی اس کے فعل مجرد کا یہ مصدر "غرق" تھوڑے سے بدلے ہوئے تلفظ کے ساتھ اردو میں مستعمل ہے۔ قرآن کریم میں اس (باب افعال) سے فعل کے مختلف صیغے ۱۸ جگہ آئے ہیں اور بعض دیگر مصادر اور اسمارِ مشتقہ بھی ۶ جگہ آئے ہیں۔ اکثر مترجمین نے "اور ہم نے غرق کر دیا" سے اختیار کیا ہے اگرچہ بعض نے "ڈبایا" "ڈبا دیا اور ڈبو دیا" کے ساتھ بھی ترجمہ کیا ہے۔

[آلَ فِرْعَوْنَ] اس مرکب کے دونوں اجزاء پر الگ الگ اور پھر مرکب کے ترجمہ پر ابھی اوپر [۲:۳۲:۱(۲)] میں مفصل بحث ہو چکی ہے۔

۲:۳۲:۱(۱۴) [وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ] میں "وَ" بمعنی "حالانکہ" اور "جب کہ" ہے۔ "اَنْتُمْ" ضمیر مخاطب بمعنی "تم" ہے۔ "تَنْظُرُوْن" کا مادہ "ن ظ ر" اور وزن "تَفْعُلُوْن" ہے یعنی یہ فعل مجرد کا صیغہ مضارع جمع مذکر حاضر ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد "نظَرَ ..... ینظُر نظرًا" (نصر سے) بطور فعل متعدی کئی معنی دیتا ہے مثلاً "... کو دیکھا، ... اسے نظر آ گیا" (اُردو میں لفظ "نظر" مستعمل ہے)۔ کہیں گے : "نظَرَہٗ" (اس نے اس کو دیکھا) اسی طرح "... کی حفاظت کرنا ... پر توجہ دینا" اور "... کا انتظار کرنا" بھی اس ہی کے معنی ہیں۔

● عموماً تو یہ فعل مفعول بنفسہٖ کے ساتھ ہی آتا ہے تاہم یہ "الی" اور "فی" کے صلہ کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً کہتے ہیں "نظر الی الشیئ" (اس نے چیز کو غور سے دیکھا۔ اس پر نظر ڈالی) اور "نظر فی الامر" (اس نے معاملے پر سوچ بچار کیا، غور و فکر کیا)

قرآن کریم میں اس فعل مجرد کے مختلف صیغے ۸۰ جگہ آئے ہیں اور مذکورہ بالا تینوں استعمال (لنفسہٖ یا الی اور فی کے ساتھ) وارد ہوئے ہیں البتہ بعض دفعہ اس کا مفعول محذوف (غیر مذکور) آیا ہے۔

● اس طرح اس جملے "وانتم تنظرون" کا لفظی ترجمہ تو بنتا ہے "اور / درانحالیکہ / جب کہ تم دیکھتے تھے" (یہاں بھی فعل مضارع "تنظرون" کا ترجمہ ماضی استمراری کی طرح کرنے کی وجہ وہی ابتدائی "وَاِذْ" ہے جو زمانۂ ماضی کے لیے ظرف ہے)۔ اسی کو بعض حضرات نے "تم دیکھ رہے تھے، تم معائنہ کر رہے تھے، دیکھ ہی تو رہے تھے" سے ترجمہ کیا ہے۔ بعض نے جملے میں "حال" والے مفہوم کی بنا پر ترجمہ "تمہارے دیکھتے (دیکھتے)" بھی کیا ہے۔ بعض نے اردو محاورے میں حال کا مفہوم برقرار رکھنے کے لیے اس جملے (وانتم تنظرون) کا "تمہاری آنکھوں کے سامنے" سے ترجمہ کیا ہے جو اردو محاورے کے لحاظ سے بہت اچھا ترجمہ ہے اگرچہ الفاظ کی حد تک اصل عبارت سے ہٹ کر ہے۔ اصل عربی عبارت "امَامَ اَعْیُنِکُم" یا "تحتَ اَعْیُنِکُم" تو نہیں ہے۔

(جاری ہے)

حکمتِ اقبال (۵۵)

ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم

خودی اور سوشلزم (۷)

غلط فہمی کا قدرتی سدِّباب

ایک بڑے مفکر شاعر کی وفات کے بعد بعض وقت ایسا ہو سکتا ہے کہ کچھ لوگ اپنی فکری اور نظریاتی اغراض کو مدِّنظر رکھتے ہوئے اس کے بعض الفاظ کو اس کے سارے فکر سے الگ کر کے اور اس کے اسلوبِ بیان کے اشاروں کو نظر انداز کر کے دیکھنے لگیں اور اس طرح ان الفاظ میں جو ظاہری اور غیر حقیقی تضاد سا نظر آتا ہو اسے بہانہ بنا کر اس کی واضح تعلیمات کو اپنے خیالات کی حمایت میں پیش کرنے لگ جائیں' اور پھر یہ بحث چل نکلے کہ فلاں مسئلہ کے متعلق اس نے کیا کہا تھا یا جو کچھ کہا تھا اس کا مطلب کیا تھا۔ قدرتی بات ہے کہ ایسے وقت میں اس کے چاہنے والے تمنا کریں گے کہ کاش وہ زندہ ہوتا تو صاف اور قطعی الفاظ میں بتاتا کہ اس کا مطلب کیا تھا' لیکن اِس دنیا سے جانے کے بعد کون ہے جو پلیٹ کر آتا ہے۔ تاہم اقبال اور اس کے چاہنے والوں کی خوش قسمتی ہے کہ بعض لوگ اقبال کی زندگی میں ہی اشتراکیت کے متعلق اقبال کے اشعار کو اس بات کی دلیل کے طور پر پیش کرنے لگ گئے کہ اقبال سوشلسٹ خیالات کی طرف مائل ہے یا سوشلزم کو پسند کرتا ہے اور اقبال کو موقع مل گیا کہ وہ خود (ایک دفعہ نہیں بلکہ دو دفعہ' اور ایک دفعہ وفات سے تھوڑا عرصہ پہلے) اخباری بیانات کے ذریعہ سے ایسے لوگوں کی پرزور تردید کر کے اس بحث کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دے۔ ان بیانات کے بعد اس بحث کو گولڈ سمتھ (Goldsmith) کے دیہاتی اسکول ماسٹر کی طرح جاری رکھنا اقبال کے ساتھ حد درجہ کی بے انصافی ہے۔

کفر کے مترادف

اقبال نے ایڈیٹر 'زمیندار' کے نام ایک خط بغرضِ اشاعت بھیجا تھا جو اس اخبار کے ۲۴

جون ۱۹۲۳ء کے الیشوع (Issue) میں شائع ہوا تھا۔ وہ خط حسب ذیل ہے:

"مکرم بندہ جناب ایڈیٹر صاحب زمیندار۔ السّلام علیکم

میں نے ابھی ایک اور دوست سے سُنا ہے کہ کسی صاحب نے آپ کے اخبار میں یا کسی اور اخبار میں (میں نے اخبار ابھی تک نہیں دیکھا) میری طرف بالشویک خیالات منسوب کیے ہیں۔ چونکہ بولشویک خیالات رکھنا میرے نزدیک دائرۂ اسلام سے خارج ہوجانے کے مترادف ہے اس واسطے اس تحریر کی تردید میرا فرض ہے۔

میں مسلمان ہوں۔ میرا عقیدہ ہے اور یہ عقیدہ دلائل و براہین پر مبنی ہے کہ انسانی جماعتوں کے اقتصادی امراض کا بہترین علاج قرآن نے تجویز کیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ سرمایہ داری کی قوت جب حدِ اعتدال سے تجاوز کر جائے تو دنیا کے لیے ایک قسم کی لعنت ہے، لیکن دنیا کو اس کے مُضر اثرات سے نجات دلانے کا طریق یہ نہیں کہ معاشی نظام سے اس قوت کو خارج کر دیا جائے، جیسا کہ بالشویک تجویز کرتے ہیں۔ قرآن کریم نے اس قوت کو مناسب حدود کے اندر رکھنے کے لیے قانونِ میراث اور زکوٰۃ وغیرہ کا نظام تجویز کیا ہے، اور فطرتِ انسانی کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہی طریق قابلِ عمل بھی ہے۔ روسی بالشوزم یورپ کی ناعاقبت اندیش اور خود غرض سرمایہ داری کے خلاف ایک زبردست ردّعمل ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ مغرب کی سرمایہ داری اور روسی بالشوزم دونوں افراط اور تفریط کا نتیجہ ہیں۔ اعتدال کی راہ وہی ہے جو قرآن نے ہم کو بتائی ہے اور جس کا میں نے اوپر اشارۃً ذکر کیا ہے۔ شریعتِ حقّہ اسلامیہ کا مقصود یہ ہے کہ سرمایہ داری کی بناء پر ایک جماعت دوسری جماعت کو مغلوب نہ کر سکے۔ (اقبال کا یہ شعر اسی مفہوم کو ادا کرتا ہے ؎

"کس نگردد در جہاں محتاج کس۔ نکتۂ شرع مبیں این است و بس"۔ مصنف) اور اس مدّعا کے حصول کے لیے میرے عقیدے کی رُو سے وہی راہ آسان اور قابلِ عمل ہے جس کا انکشاف شارع علیہ السلام نے کیا ہے۔ اسلام سرمایہ کی قوت کو معاشی نظام سے خارج نہیں کرتا بلکہ فطرتِ انسانی پر ایک عمیق نظر ڈالتے ہوئے اسے قائم رکھتا ہے اور ہمارے لیے ایک ایسا نظام تجویز کرتا ہے جس پر عمل پیرا ہونے سے یہ قوت کبھی اپنے مناسب حدود سے تجاوز نہیں کر سکتی۔ مجھے افسوس ہے کہ مسلمانوں نے اسلام کے اقتصادی پہلو کا مطالعہ نہیں کیا، ورنہ ان کو معلوم ہوتا کہ اس خاص اعتبار سے اسلام

کتنی بڑی نعمت ہے۔ میرا عقیدہ ہے فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا میرا اسی نعمت کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ کسی قوم کے افراد صحیح معنوں میں ایک دوسرے کے بھائی نہیں بن سکتے جب تک کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ مساوات نہ رکھتے ہوں اور اس مساوات کا حصول بغیر ایک ایسے سوشل نظام کے ممکن نہیں جس کا مقصود سرمایہ کی قوت کو مناسب حدود کے اندر رکھ کر مذکورہ بالا مساوات کی تخلیق و تولید ہو۔ اور مجھے یقین ہے کہ خود روسی قوم بھی اپنے موجودہ نظام کے نقائص تجربے سے معلوم کر کے کسی ایسے نظام کی طرف رجوع کرنے پر مجبور ہو جائے گی جس کے اصولِ اساسی یا تو خالص اسلامی ہوں گے یا ان سے ملتے جلتے ہوں گے۔ موجودہ صورت میں روسیوں کا اقتصادی نصب العین خواہ کیسا ہی محمود کیوں نہ ہو، ان کے طریقِ عمل سے کسی مسلمان کو ہمدردی نہیں ہو سکتی۔ ہندوستان اور دیگر ممالک کے مسلمان، جو یورپ کی پولیٹیکل اکانومی پڑھ کر مغربی خیالات سے فوراً متاثر ہو جاتے ہیں، ان کے لیے لازم ہے کہ اس زمانے میں قرآن کریم کی اقتصادی تعلیم پر نظرِ غائر ڈالیں۔ مجھے یقین ہے کہ وہ اپنی تمام مشکلات کا حل اس کتاب میں پائیں گے۔ لاہور کی لیبر یونین کے مسلمان ممبر بالخصوص اس طرف توجہ کریں۔ مجھے ان کے اغراض و مقاصد کے ساتھ دلی ہمدردی ہے، مگر مجھے امید ہے کہ وہ کوئی ایسا طریقِ عمل یا نصب العین اختیار نہ کریں گے جو قرآنی تعلیم کے منافی ہو۔

محمد اقبال بیرسٹرایٹ لار۔ لاہور

یہ بات ظاہر ہے کہ اس خط میں بولشویک خیالات سے اقبال کی مراد وہی خیالات ہیں جو اقبال کے زمانہ سے لے کر اب تک روس کی سوویٹ سوشلسٹ ری پبلک میں ایک سیاسی قوت کے طور پر موجود ہیں اور جن کو سائنٹیفک سوشلزم کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ اب دنیا بھر میں لفظ سوشلزم سے مراد کارل مارکس کا سائنٹیفک سوشلزم ہی ہوتا ہے اور کارل مارکس سے پہلے کا سوشلزم یا کسی اور قسم کا سوشلزم مراد نہیں ہوتا، اور یہی سبب ہے کہ اب دنیا کے جس ملک میں بھی سوشلزم موجود ہوتا ہے وہاں اس کے پیچھے یا اس کے ساتھ کارل مارکس کا فلسفہ بھی زود یا بدیر کسی نہ کسی رنگ میں ضرور موجود ہو جاتا ہے، اور اگر وہ ملک اسلامی ہو تو سوشلزم اسلام اور اس کے اقتصادی نظام کا حریف بن جاتا ہے اور اسلام کو دبانے اور مٹانے اور مارکس کے فلسفہ کو رواج دینے کی کوشش کرتا ہے۔

سوشلزم اور تمام مغربی اِزموں سے اقبال کی نفرت

اس خط کے چودہ سال بعد اور اقبال کی وفات سے ایک سال پہلے آل احمد سرور نے اقبال سے کچھ استفسارات کیے تھے جن کے جواب میں اقبال نے اُن کے نام ایک خط لکھا تھا۔ اس خط پر ۱۴ مارچ ۱۹۳۷ء کی تاریخ درج ہے اور یہ خط اگست ۱۹۴۹ء کے رسالہ "ماہِ نو" میں چھپا تھا۔ اقبال اس خط میں لکھتا ہے :

"آپ کے دل میں جو باتیں پیدا ہوئی ہیں اُن کا جواب بہت طویل ہے اور میں بحالتِ موجودہ طویل خط لکھنے سے قاصر ہوں۔ اگر میں کبھی علی گڑھ حاضر ہوا یا آپ کبھی لاہور تشریف لائے تو انشاء اللہ زبانی گفتگو ہوگی۔ سرِ دست میں دو چار باتیں عرض کرتا ہوں۔

